WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM



## ۷۸سورة النبا مكى سورة ... كل آيات. ۴۰

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

عَـمَّ يَتَسَـآءَ لُـوۡنَ(۱)عَنِ النَّبَاِ الۡعَظِيۡمِ(۲)الَّذِىۡ هُمۡ فِيۡهِ مُخۡتَلِفُوۡنَ(۳)كَلَّا سَيَعۡلَمُوۡنَ(۴)ثُمَّ
كَلَّا سَيَـعۡـلَـمُـوۡنَ(۵)اَلَـمۡ نَـجۡـعَـلِ الۡاَرۡضَ مِهٰـدًا(۶)وَّالۡـجِبَـالَ اَوۡتَـادًا(۷)وَّخَـلَـقۡـنٰكُمۡ
اَزۡوَاجًـا(۸)وَّجَـعَـلۡـنَـا نَـوۡمَـكُـمۡ سُبَـاتًـا(۹)وَّجَعَلۡنَا الَّيۡلَ لِبَاسًـا(۱۰)وَّجَعَلۡنَا النَّهَارَ
مَـعَـاشًـا(۱۱)وَبَـنَـيۡـنَـا فَـوۡقَـكُـمۡ سَبۡعًا شِدَادًا(۱۲)وَّجَعَلۡنَا سِرَاجًا وَّهَّاجًا(۱۳)وَّاَنۡزَلۡنَا مِنَ
الۡـمُعۡصِرٰتِ مَآءً ثَجَّاجًا(۱۴)لِّنُخۡرِجَ بِهٖ حَبًّا وَّنَبَاتًا(۱۵)وَّجَنّٰتٍ اَلۡفَافًا(۱۶)اِنَّ يَوۡمَ الۡفَصۡلِ
كَـانَ مِيۡـقَـاتًـا(۱۷)يَّـوۡمَ يُـنۡـفَـخُ فِى الصُّوۡرِ فَتَاۡتُوۡنَ اَفۡوَاجًا(۱۸)وَّفُتِحَتِ السَّمَآءُ فَكَانَتۡ
اَبۡوَابًا(۱۹)وَّسُيِّرَتِ الۡجِبَالُ فَكَانَتۡ سَرَابًا(۲۰)اِنَّ جَهَنَّمَ كَانَتۡ مِرۡصَادًا(۲۱)لِّلطّٰغِيۡنَ
مَـابًـا(۲۲)لّٰبِثِيۡـنَ فِيۡهَـآ اَحۡـقَـابًـا(۲۳)لَا يَذُوۡقُوۡنَ فِيۡهَا بَرۡدًا وَّلَا شَرَابًا(۲۴)اِلَّا حَمِيۡمًا وَّ
غَسَّـاقًـا(۲۵)جَـزَآءً وِّفَـاقًـا(۲۶)اِنَّهُـمۡ كَـانُـوۡا لَا يَـرۡجُـوۡنَ حِسَـابًـا(۲۷)وَّكَـذَّبُـوۡا بِاٰيٰتِنَا
كِـذَّابًـا(۲۸)وَكُـلَّ شَـىۡءٍ اَحۡـصَـيۡـنٰـهُ كِتٰبًـا(۲۹)فَـذُوۡقُوۡا فَلَنۡ نَّزِيۡدَكُمۡ اِلَّا عَذَابًا(۳۰)اِنَّ
لِـلۡـمُـتَّـقِـيۡـنَ مَـفَـازًا(۳۱)حَدَآئِقَ وَاَعۡنَابًا(۳۲)وَّكَوَاعِبَ اَتۡرَابًا(۳۳)وَّكَاۡسًا دِهَاقًا(۳۴)لَا
يَـسۡـمَـعُـوۡنَ فِيۡهَـا لَغۡوًا وَّلَا كِذّٰبًا(۳۵)جَزَآءً مِّنۡ رَّبِّكَ عَطَآءً حِسَابًا(۳۶)رَّبِّ السَّمٰوٰتِ
وَالۡاَرۡضِ وَمَا بَيۡنَهُمَا الرَّحۡمٰنِ لَا يَمۡلِكُوۡنَ مِنۡهُ خِطَابًا(۳۷)يَوۡمَ يَقُوۡمُ الرُّوۡحُ وَ الۡمَلٰٓئِكَةُ صَفًّا
ط لَّا يَتَـكَـلَّـمُـوۡنَ اِلَّا مَـنۡ اَذِنَ لَـهُ الرَّحۡمٰنُ وَقَالَ صَوَابًا(۳۸)ذٰلِكَ الۡيَوۡمُ الۡحَقُّ فَمَنۡ شَآءَ
اتَّـخَـذَ اِلٰـى رَبِّهٖ مَـابًـا(۳۹)اِنَّآ اَنۡذَرۡنٰكُمۡ عَذَابًا قَرِيۡبًا يَّوۡمَ يَنۡظُرُ الۡمَرۡءُ مَا قَدَّمَتۡ يَدٰهُ وَيَقُوۡلُ
الۡكٰفِرُ يٰلَيۡتَنِىۡ كُنۡتُ تُرٰبًا(۴۰)



## تیسواں پارہ : عَمَّ ..(78)......سُوۡرَۃُ النَّبَا

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے۔

لوگ کس کے بارے میں پوچھتے ہیں۔(1) اُس بڑی خبر کے بارے میں۔(2)جس میں انہیں اختلاف ہے۔
(3)اُنہیں جلدی معلوم ہو جائے گا۔(4)پھر وہ جلد جان لیں گے۔(5)کیا ہم نے زمین کو بچھونا (6)اور پہاڑوں کو
میخیں نہیں بنایا (7)اور تمہارے جوڑے پیدا کئے ۔(8)اور ہم نے تمہاری نیند کو آرام بنایا (9)اور رات کو لباس بنایا
(10)اور دن کو معاش بنایا۔(11)اور تمہارے اوپر سات مضبوط آسمان بنائے۔ (12)اور ہم نے روشن سورج اور
چمکتا ہوا چاند بنایا(13)اور پانی بھری بدلیوں سے موسلا دھار بارش برسائی (14)تاکہ اس سے اناج اور نباتات نکالیں
(15)اور گھنے باغ (16)بے شک فیصلے کا دن مقرر ہے۔(17)جس دن صور میں پھونکا جائے گا تو تم گروہ گروہ چلے آؤ
گے۔(18)اور آسمان کھولا جائے گا تو وہ دروازہ دروازہ ہو جائے گا۔(19)اور پہاڑ چلائے جائیں گے اور وہ سراب ہو
جائیں گے۔(20)بے شک جہنم گھات میں لگی ہے۔(21)اور یہ جہنم سرکشوں کا ٹھکانا ہے۔(22)وہ اس میں ہمیشہ
رہیں گے۔(23)جہنم میں انہیں کھانے پینے کی کوئی ٹھنڈی چیز چکھنے کو نہ ملے گی۔(24)صرف گرم پانی اور برتنوں کا
دھوون۔(25)یہ ہے پورا پورا بدلہ اُن کے کیے کا۔(26)کیونکہ حساب دینے پر یقین نہ تھا۔(27)اور ہماری آیات کو
جھوٹ جان کر جھٹلاتے تھے۔(28)اور ہم نے ہر شے گن کر لکھ رکھی ہے۔(29)پس اب مزہ چکھو اور ہم صرف ان
کا عذاب ہی بڑھائیں گے۔(30)بے شک متقیوں کے لیے کامیابی ہے۔(31)باغات اور انگور۔(32)اور جوان
دوشیزائیں۔(33)اور لب ریز جام۔(34)جنت میں انہیں کوئی بے ہودہ اور جھوٹ بات سنائی نہ دے گی۔(35)یہ
بدلہ ہے تمہارے رب کی طرف سے پورا پورا۔(36)جو آسمانوں اور زمین کا رب ہے اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان
ہے رحمان کا ہے۔کسی کو اس میں خطاب کا اختیار نہ ہوگا۔(37)جس دن کھڑے ہوں گے روح اور فرشتے صف در صف
کسی کو اس کے سامنے بات کرنے کی ہمت نہ ہوگی مگر اُس (اللہ) کی اجازت سے اور وہ بھی جائز بات کی۔(38) یہ حق
کا دن ہے۔بس جو چاہے اپنے رب کے پاس ٹھکانہ بنالے۔(39)بے شک ہم نے تمہیں عنقریب آنے والے عذاب
سے ڈرایا۔اُس روز انسان دیکھ لے گا جو اُس نے اپنے ہاتھ سے آگے بھیجا ہوگا اور کافر کہے گا کاش میں مٹی ہوتا۔(40)

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM



٧٩ سورة النازعٰت مكى سورة ... كل آيات. ٤٦

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

وَالنّٰزِعٰتِ غَرۡقًا(١)وَّ النّٰشِطٰتِ نَشۡطًا(٢)وَّالسّٰبِحٰتِ سَبۡحًا(٣)فَالسّٰبِقٰتِ سَبۡقًا(٤)فَالۡمُدَبِّرٰتِ
اَمۡرًا(٥)يَوۡمَ تَرۡجُفُ الرَّاجِفَةُ(٦)تَتۡبَعُهَا الرَّادِفَةُ(٧)قُلُوۡبٌ يَّوۡمَئِذٍ وَّاجِفَةٌ(٨)اَبۡصَارُهَا
خَاشِعَةٌ(٩)يَقُوۡلُوۡنَ ءَاِنَّا لَمَرۡدُوۡدُوۡنَ فِى الۡحَافِرَةِ(١٠)ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا نَّخِرَةً(١١)قَالُوۡا تِلۡكَ
اِذًا كَرَّةٌ خَاسِرَةٌ(١٢)فَاِنَّمَا هِىَ زَجۡرَةٌ وَّاحِدَةٌ(١٣)فَاِذَا هُمۡ بِالسَّاهِرَةِ(١٤)هَلۡ اَتٰكَ حَدِيۡثُ
مُوۡسٰى(١٥)اِذۡ نَادٰهُ رَبُّهٗ بِالۡوَادِ الۡمُقَدَّسِ طُوًى(١٦)اِذۡهَبۡ اِلٰى فِرۡعَوۡنَ اِنَّهٗ طَغٰى(١٧)فَقُلۡ هَلۡ
لَّكَ اِلٰٓى اَنۡ تَزَكّٰى(١٨)وَاَهۡدِيَكَ اِلٰى رَبِّكَ فَتَخۡشٰى(١٩)فَاَرٰهُ الۡاٰيَةَ الۡكُبۡرٰى(٢٠)فَكَذَّبَ
وَعَصٰى(٢١)ثُمَّ اَدۡبَرَ يَسۡعٰى(٢٢)فَحَشَرَ فَنَادٰى(٢٣)فَقَالَ اَنَا رَبُّكُمُ الۡاَعۡلٰى(٢٤)فَاَخَذَهُ اللّٰهُ
نَكَالَ الۡاٰخِرَةِ وَالۡاُوۡلٰى(٢٥)اِنَّ فِىۡ ذٰلِكَ لَعِبۡرَةً لِّمَنۡ يَّخۡشٰى(٢٦)ءَاَنۡتُمۡ اَشَدُّ خَلۡقًا اَمِ السَّمَآءُ
ط بَنٰهَا(٢٧)رَفَعَ سَمۡكَهَا فَسَوّٰهَا(٢٨)وَاَغۡطَشَ لَيۡلَهَا وَاَخۡرَجَ ضُحٰهَا(٢٩)وَالۡاَرۡضَ بَعۡدَ
ذٰلِكَ دَحٰهَا(٣٠)اَخۡرَجَ مِنۡهَا مَآءَهَا وَ مَرۡعٰهَا(٣١)وَالۡجِبَالَ اَرۡسٰهَا(٣٢)مَتَاعًا لَّكُمۡ
وَلِاَنۡعَامِكُمۡ(٣٣)فَاِذَا جَآءَتِ الطَّآمَّةُ الۡكُبۡرٰى(٣٤)يَوۡمَ يَتَذَكَّرُ الۡاِنۡسَانُ مَا سَعٰى(٣٥)وَبُرِّزَتِ
الۡجَحِيۡمُ لِمَنۡ يَّرٰى(٣٦)فَاَمَّا مَنۡ طَغٰى(٣٧)وَاٰثَرَ الۡحَيٰوةَ الدُّنۡيَا(٣٨)فَاِنَّ الۡجَحِيۡمَ هِىَ
الۡمَاۡوٰى(٣٩)وَاَمَّا مَنۡ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ وَنَهَى النَّفۡسَ عَنِ الۡهَوٰى(٤٠)فَاِنَّ الۡجَنَّةَ هِىَ
الۡمَاۡوٰى(٤١)يَسۡـَٔلُوۡنَكَ عَنِ السَّاعَةِ اَيَّانَ مُرۡسٰهَا(٤٢)فِيۡمَ اَنۡتَ مِنۡ ذِكۡرٰهَا(٤٣)اِلٰى رَبِّكَ
مُنۡتَهٰهَا(٤٤)اِنَّمَآ اَنۡتَ مُنۡذِرُ مَنۡ يَّخۡشٰهَا(٤٥)كَاَنَّهُمۡ يَوۡمَ يَرَوۡنَهَا لَمۡ يَلۡبَثُوۡۤا اِلَّا عَشِيَّةً
اَوۡ ضُحٰهَا(٤٦)



**(79)......سُوۡرَةُ اَلنّٰزعٰت:** شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے۔

گہری آہیں بھرنے والوں کی قسم (اللہ کے عذاب کے خوف سے)۔(1) بندھن کھول کر آزاد کر دینے والوں کی قسم (گرفتار کی گلو خلاصی کرانے والے)(2) آزادی سے آنے جانے والوں کی قسم (آزاد لوگوں کی قسم)(3) سبقت لے جانے والے مسابقت کاروں کی قسم (نیکیوں میں مقابلہ کرنے والے)(4) کام نکالنے والے مدبروں کی قسم (حکمت سے کام لینے والے)(5) جس دن کانپنے والی کانپے گی (زمین)(6) اور پیچھے آنے والی پیچھے آئے گی (قیامت)(7) اس دن حشر میں کئی دل دھڑک رہے ہوں گے۔(8) اُن کی آنکھیں (شرمندگی سے) جھکی ہوئی ہوں گی۔(9) وہ کہیں گے کہ انہیں یقین ہی نہ تھا کہ مرنے کے بعد وہ اُٹھائے جائیں گے۔(10) جب اُن کی ہڈیاں بھی کھوکھلی ہو چکی ہوں گی (11) وہ کہیں گے کہ یہ تو خسارے والی واپسی ہوئی۔(12) ایک جھڑک، بے عزتی (13) جب وہ میدان میں ہوں گے۔(14) کیا آپ کے پاس موسیٰ علیہ السلام کی حدیث پہنچی۔(15) جب اُس کے رَب نے اُسے وادی مقدس طویٰ میں آواز دے کر کہا۔(16) جاؤ فرعون کی طرف کہ وہ سرکش ہے۔(17) اُسے کہو کہ جو کچھ تم کر رہے ہو وہ ایسا نہیں کہ تم بری ہو۔(18) اور میں تجھے تیرے رَب کی راہ دکھاؤں کہ تو اُس سے ڈرے۔(19) اِسے اللہ کی بڑی نشانی دکھائی۔(20) اُس نے جھٹلایا اور انکار کیا (21) پھر شکست کھائی اور منہ مڑ گیا پھر وہ لوٹا اور کوشش کی (22) خاطر جمع کی اور بولا (23) ''میں تمہارا رَب الاعلیٰ ہوں۔(24) پھر اللہ نے اُسے دنیا و آخرت کے عذاب میں پکڑ لیا۔(25) بے شک اِس میں ڈرنے والوں کے لئے عبرت ہے۔(26) کیا تمہارا پیدا کرنا شدید تھا (سخت تھا) یا آسمان کا بنانا؟ (27) (اُس نے نیلی) چھت کو بلند کیا اور سنوارا۔(28) اِس کی رات کو سیاہ کیا اور اِس میں سے دن کا اُجالا نکالا۔(29) پھر زمین بچھائی۔(30) اِس میں سے اِس کا پانی اور اِس کا چارہ نکالا۔(31) اور پہاڑوں کو نصب کیا۔(32) جس میں تمہارے اور تمہارے مویشیوں کے لیے متاع ہے۔(33) جب بڑی قیامت آئے گی۔(34) تو اس دن انسان اپنے کیے کو یاد کرے گا۔(35) اور جہنم واضح کر دی جائے گی تا کہ وہ اپنے اعمال دیکھ لے۔(36) جس نے زیادتی کی (37) اور دنیا کی زندگی کو موت پر ترجیح دی (دنیاوی لالچ میں جھوٹی گواہی دی)(38) اُس کے لیے جہنم ایک بُرا ٹھکانا ہے۔(39) اور جو اپنے رب کے مقام سے ڈرا اور اپنے نفس کو خواہشات سے باز رکھا (نفس کو لالچ سے پاک رکھا)(40) یقیناً اُس کے لیے جنت ٹھکانا ہو گی۔(41) وہ پوچھتے ہیں کہ قیامت کی گھڑی کب آئے گی؟ (42) بھلا آپ کو اس سے کیا لینا؟ (43) اس کی انتہا رب کے پاس ہے۔(44) آپ تو صرف ڈرنے والوں کو ڈرانے والے ہیں۔(45) جب قیامت آ پہنچے گی تو وہ اُسے دیکھ کر کہیں گے کہ وہ تو ابھی ایک شام یا ایک صبح ہی جی پائے تھے کہ وقت آ پہنچا۔(46)۔

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM



۸۰ سورة عبس مکی سورة ... کل آیات ۴۲

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

عَبَسَ وَتَوَلّٰی(۱)اَنۡ جَآءَهُ الۡاَعۡمٰی(۲)وَمَا یُدۡرِیۡکَ لَعَلَّهٗ یَزَّکّٰۤی(۳)اَوۡ یَذَّکَّرُ فَتَنۡفَعَهُ
الذِّکۡرٰی(۴)اَمَّا مَنِ اسۡتَغۡنٰی(۵)فَاَنۡتَ لَهٗ تَصَدّٰی(۶)وَمَا عَلَیۡکَ اَلَّا یَزَّکّٰی(۷)وَ اَمَّا مَنۡ جَآءَ
کَ یَسۡعٰی(۸)وَهُوَ یَخۡشٰی(۹)فَاَنۡتَ عَنۡهُ تَلَهّٰی(۱۰)کَلَّاۤ اِنَّهَا تَذۡکِرَةٌ(۱۱)فَمَنۡ شَآءَ
ذَکَرَهٗ(۱۲)فِیۡ صُحُفٍ مُّکَرَّمَةٍ(۱۳)مَّرۡفُوۡعَةٍ مُّطَهَّرَةٍ م(۱۴)بِاَیۡدِیۡ سَفَرَةٍ(۱۵)کِرَامٍ م
بَرَرَةٍ(۱۶)قُتِلَ الۡاِنۡسَانُ مَاۤ اَکۡفَرَهٗ(۱۷)مِنۡ اَیِّ شَیۡءٍ خَلَقَهٗ(۱۸)مِنۡ نُّطۡفَةٍ ط خَلَقَهٗ
فَقَدَّرَهٗ(۱۹)ثُمَّ السَّبِیۡلَ یَسَّرَهٗ(۲۰)ثُمَّ اَمَاتَهٗ فَاَقۡبَرَهٗ(۲۱)ثُمَّ اِذَا شَآءَ اَنۡشَرَهٗ(۲۲)کَلَّا لَمَّا
یَقۡضِ مَاۤ اَمَرَهٗ(۲۳)فَلۡیَنۡظُرِ الۡاِنۡسَانُ اِلٰی طَعَامِهٖۤ(۲۴)اَنَّا صَبَبۡنَا الۡمَآءَ صَبًّا(۲۵)ثُمَّ شَقَقۡنَا
الۡاَرۡضَ شَقًّا(۲۶)فَاَنۡبَتۡنَا فِیۡهَا حَبًّا(۲۷)وَّعِنَبًا وَّ قَضۡبًا(۲۸)وَّزَیۡتُوۡنًا وَّنَخۡلًا(۲۹)وَّحَدَآئِقَ
غُلۡبًا(۳۰)وَّفَاکِهَةً وَّاَبًّا(۳۱)مَّتَاعًا لَّکُمۡ وَلِاَنۡعَامِکُمۡ(۳۲)فَاِذَا جَآءَتِ الصَّآخَّةُ(۳۳)یَوۡمَ یَفِرُّ
الۡمَرۡءُ مِنۡ اَخِیۡهِ(۳۴)وَاُمِّهٖ وَاَبِیۡهِ(۳۵)وَصَاحِبَتِهٖ وَبَنِیۡهِ(۳۶)لِکُلِّ امۡرِیٴٍ مِّنۡهُمۡ یَوۡمَئِذٍ شَاۡنٌ
یُّغۡنِیۡهِ(۳۷)وُجُوۡهٌ یَّوۡمَئِذٍ مُّسۡفِرَةٌ(۳۸)ضَاحِکَةٌ مُّسۡتَبۡشِرَةٌ(۳۹)وَوُجُوۡهٌ یَّوۡمَئِذٍ عَلَیۡهَا
غَبَرَةٌ(۴۰)تَرۡهَقُهَا قَتَرَةٌ(۴۱)اُولٰٓئِکَ هُمُ الۡکَفَرَةُ الۡفَجَرَةُ(۴۲)



(80)......سُوۡرَةُ عَبَسَ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنے والا ہے۔

ماتھے پر بل ڈال لیے اور منہ موڑ لیا۔(1) جب کوئی نابینا (بینائی کے لیے' علم کی روشنی کے لئے) آیا۔(2) کیا خبر شاید وہ پاک ہو جاتا۔(3) یا ذکر کرتا اور ذکر اُسے فائدہ دے جاتا۔(4) جو بے نیاز ہیں۔(5) آپ اُن کے پیچھے جاتے ہیں۔(6) آپ کو کیا معلوم وہ اپنا تزکیہ کرتے ہیں یا نہیں (گناہوں سے)۔(7) جو چل کر آپ کے پاس آیا،(8) اُسے فکر ہے(9) اور آپ اُس سے بے رخی برتتے ہیں۔(10) یہ کچھ اور نہیں صرف ذکر ہے۔(11) جو چاہے اُسے پڑھے(12) مکرم صحیفوں میں(13) جو ارفع و مطہرہ ہیں(14) جو لکھنے والے معززوں نے لکھے۔(15) اپنے مکرم ہاتھوں سے لکھے۔(16) مارا گیا وہ جس نے کفر کیا۔(17) کس شے سے پیدا ہوا؟(18) ایک نطفہ سے پھر اُس کی قدر ٹھہرائی گئی۔(19) پھر اُس کی زندگی کا سفر آسان کیا۔(20) پھر اُسے موت دی۔ اور اُسے قبر دی۔(21) پھر جب چاہا اُسے زندہ کر دیا۔(22) لیکن اُس نے ابھی تک اُس حکم کو پورا نہیں کیا جو اُسے دیا گیا تھا (اپنی تخلیق کی غرض و غایت پوری نہیں کی۔)(23) انسان کو چاہیے کہ وہ اپنے کھانے کو ہی لے لے۔(24) بے شک ہم نے چھما چھم مینہ برسایا۔(25) پھر ہم نے زمین کو شق کیا۔(26) پھر اُس سے اناج اُگایا(27) اور انگور اور سبزیاں(28) اور زیتون اور کھجور(29) اور گھنے باغات(30) اور ثمرات اور چارہ(31) جو آپ کی اور آپ کے جانوروں کی متاع ہے۔(32) پھر جب قیامت کی چنگاڑ قریب آ گئی(33) تو انسان اپنے بھائی سے(34)، اپنے ماں، باپ سے(35) اور اپنی بیوی اور بیٹوں سے دور بھاگے گا(36) اس دن کچھ ایسی فکر ہر ایک کو لگی ہوگی جو اُسے دوسروں سے بے خیال کر دے گی۔(37) اُس دن کچھ چہرے سفید ہوں گے(38) ہنستے، شاداں(39) اور کچھ چہرے گرد آلود ہوں گے(40) جن پر سیاہی چھا رہی ہو گی۔(41) یہی لوگ ہیں جو کافر اور بدکار ہیں۔(42)۔

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM



## ۸۱ سورة التکویر مکی سورة ... کل آیات. ۲۹

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اِذَا الشَّمۡسُ کُوِّرَتۡ(۱)وَاِذَا النُّجُوۡمُ انۡکَدَرَتۡ(۲)وَاِذَا الۡجِبَالُ سُیِّرَتۡ(۳)وَاِذَا الۡعِشَارُ
عُطِّلَتۡ(۴)وَاِذَا الۡوُحُوۡشُ حُشِرَتۡ(۵)وَاِذَا الۡبِحَارُ سُجِّرَتۡ(۶)وَاِذَا النُّفُوۡسُ زُوِّجَتۡ(۷)وَاِذَا
الۡمَوۡءٗدَۃُ سُئِلَتۡ(۸)بِاَیِّ ذَنۡۢبٍ قُتِلَتۡ(۹)وَاِذَا الصُّحُفُ نُشِرَتۡ(۱۰)وَاِذَا السَّمَآءُ
کُشِطَتۡ(۱۱)وَاِذَا الۡجَحِیۡمُ سُعِّرَتۡ(۱۲)وَاِذَا الۡجَنَّۃُ اُزۡلِفَتۡ(۱۳)عَلِمَتۡ نَفۡسٌ مَّا
اَحۡضَرَتۡ(۱۴)فَلَاۤ اُقۡسِمُ بِالۡخُنَّسِ(۱۵)الۡجَوَارِ الۡکُنَّسِ(۱۶)وَالَّیۡلِ اِذَا عَسۡعَسَ(۱۷)وَ الصُّبۡحِ
اِذَا تَنَفَّسَ(۱۸)اِنَّہٗ لَقَوۡلُ رَسُوۡلٍ کَرِیۡمٍ(۱۹)ذِیۡ قُوَّۃٍ عِنۡدَ ذِی الۡعَرۡشِ مَکِیۡنٍ(۲۰)مُّطَاعٍ ثَمَّ
اَمِیۡنٍ(۲۱)وَمَا صَاحِبُکُمۡ بِمَجۡنُوۡنٍ(۲۲)وَلَقَدۡ رَاٰہُ بِالۡاُفُقِ الۡمُبِیۡنِ(۲۳)وَمَا ھُوَ عَلَی الۡغَیۡبِ
بِضَنِیۡنٍ(۲۴)وَمَا ھُوَ بِقَوۡلِ شَیۡطٰنٍ رَّجِیۡمٍ(۲۵)فَاَیۡنَ تَذۡھَبُوۡنَ(۲۶)اِنۡ ھُوَ اِلَّا ذِکۡرٌ
لِّلۡعٰلَمِیۡنَ(۲۷)لِمَنۡ شَآءَ مِنۡکُمۡ اَنۡ یَّسۡتَقِیۡمَ(۲۸)وَمَا تَشَآءُوۡنَ اِلَّاۤ اَنۡ یَّشَآءَ اللّٰہُ رَبُّ
الۡعٰلَمِیۡنَ(۲۹)

## سورة الانفطار . ۸۲ مکی سورة ... کل آیات. ۱۹

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اِذَا السَّمَآءُ انۡفَطَرَتۡ(۱)وَاِذَا الۡکَوَاکِبُ انۡتَثَرَتۡ(۲)وَاِذَا الۡبِحَارُ فُجِّرَتۡ(۳)وَاِذَا الۡقُبُوۡرُ
بُعۡثِرَتۡ(۴)عَلِمَتۡ نَفۡسٌ مَّا قَدَّمَتۡ وَاَخَّرَتۡ(۵)یٰۤاَیُّھَا الۡاِنۡسَانُ مَا غَرَّکَ بِرَبِّکَ
الۡکَرِیۡمِ(۶)الَّذِیۡ خَلَقَکَ فَسَوّٰکَ فَعَدَلَکَ(۷)فِیۡۤ اَیِّ صُوۡرَۃٍ مَّا شَآءَ رَکَّبَکَ(۸)کَلَّا بَلۡ
تُکَذِّبُوۡنَ بِالدِّیۡنِ(۹)وَاِنَّ عَلَیۡکُمۡ لَحٰفِظِیۡنَ(۱۰)کِرَامًا کَاتِبِیۡنَ(۱۱)یَعۡلَمُوۡنَ مَا تَفۡعَلُوۡنَ(۱۲)



## (81)......سُوۡرَۃُ التَّکۡوِیۡر

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان،نہایت رحم کرنے والا ہے۔

جب سورج لپیٹ لیا جائے(1) اور جب ستارے ماند پڑ جائیں(2) اور جب پہاڑوں کو سرکا یا جائے(3) اور جب 10 ماہ
کی حاملہ اونٹنیوں کی حفاظت بھول جائے۔(4) اور جب وحشیوں کو جمع کیا جائے(5) اور جب سمندروں کو اُچھالا جائے(6)
اور جب منتشر انسانوں کو جوڑا جائے(7) اور جب دنیا سے واپس لوٹائی گئی مقتولہ سے پوچھا جائے(8) تجھے کس جرم کی پاداش
میں قتل کیا گیا(9) اور جب صحیفے (آفاقی الہامی ضابطہ تعزیرات) کھولے جائیں(کہ کہیں خونِ ناحق کی اجازت
ہے؟)۔(10) اور جب آسمان کی کھال کھینچی جائے(11) اور جب جہنم دہکائی جائے(12) اور جب جنت قریب لا کر دور
کی جائے۔(13) تب انسان کو معلوم ہوگا کہ وہ کیا اعمال پیش کر رہا ہے۔(14) قسم کھاتا ہوں اُبھرنے ڈوبنے(15) اور پلٹنے
والوں کی (مہر وماہ کی)(16) اور آخری سانس لیتی ہوئی رات کی قسم۔(17) اور زندہ ہوتی ہوئی صبح کی قسم۔(18) بے شک یہ
بات رسول کریم (روح الامین) کی ہے(19) جو عرش مکین کے مالک کے ہاں قوت رکھتا ہے۔(20) وہاں کا مانا ہوا امین
ہے۔(21) اور آپ کا صاحب دیوانہ نہیں۔(22) بالیقین اُس نے اُسے اُفقِ مبین کے ساتھ دیکھا ہے۔(23) اور وہ غیب
کو چھپانے والا نہیں۔(24) اور یہ بات شیطان مردود کی کہی ہوئی نہیں۔(25) تو کدھر جاتے ہو۔(26) یہ سب جہانوں
کے لئے صرف ایک ذکر ہے۔(27) تم میں سے جو چاہے سیدھی راہ پر چلے(28) فقط تمہارے چاہنے سے کیا ہوتا ہے اگر تمہارا
رب العالمین نہ چاہے(مہربان نہ ہو)۔(29)

## (82)......سُوۡرَۃُ الۡاِنۡفِطَار

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان،نہایت رحم کرنے والا ہے۔

جب آسمان پھٹ جائے(1) اور جب ستارے جھڑ جائیں(2) اور جب سمندر اُچھالے جائیں۔(3) اور جب مدفن رازوں کو کھولا
جائے۔اور جب قبروں کو اٹھایا جائے(4) تب ہر انسان جان لے گا کہ اس نے کیا آگے بھیجا اور کیا پیچھے چھوڑا۔(5) اے انسان! تجھے
کس نے اپنے رب کریم سے غافل کیا۔(6) وہ رب کریم جس نے تجھے پیدا کیا پھر درست کیا۔(7) جس صورت میں ڈھالنا چاہا'
ڈھال دیا۔(8) ہرگز نہیں، بلکہ تم جزا وسزا کے دن کو جھٹلاتے ہو(9) اور اس میں شک نہیں کہ تم پر محافظ ہیں۔(10) کراماً کاتبین
(11) جانتے ہیں تم جو کچھ کرتے ہو۔(12)

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM



اِنَّ الْاَبْرَارَ لَفِیْ نَعِیْمٍ(١٣)وَاِنَّ الْفُجَّارَ لَفِیْ جَحِیْمٍ(١٤) یَّصْلَوْنَهَا یَوْمَ الدِّیْنِ(١٥)وَمَاهُمْ عَنْهَا
بِغَآئِبِیْنَ(١٦)وَمَآ اَدْرٰکَ مَا یَوْمُ الدِّیْنِ(١٧)ثُمَّ مَآ اَدْرٰکَ مَا یَوْمُ الدِّیْنِ(١٨)یَوْمَ لَا تَمْلِکُ
نَفْسٌ لِّنَفْسٍ شَیْئًا ط وَالْاَمْرُ یَوْمَئِذٍ لِّلّٰهِ(١٩)

## سورة المطففين . (٨٣) مكى سورة ... كل آيات. ٣٦

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَیْلٌ لِّلْمُطَفِّفِیْنَ(١)الَّذِیْنَ اِذَا اکْتَالُوْا عَلَی النَّاسِ یَسْتَوْفُوْنَ(٢)وَاِذَا کَالُوْهُمْ اَوْ وَّزَنُوْهُمْ
یُخْسِرُوْنَ(٣)اَلَا یَظُنُّ اُولٰٓئِکَ اَنَّهُمْ مَّبْعُوْثُوْنَ(٤)لِیَوْمٍ عَظِیْمٍ(٥)یَّوْمَ یَقُوْمُ النَّاسُ لِرَبِّ
الْعٰلَمِیْنَ(٦) کَلَّآ اِنَّ کِتٰبَ الْفُجَّارِ لَفِیْ سِجِّیْنٍ(٧)وَمَآ اَدْرٰکَ مَا سِجِّیْنٌ(٨) کِتٰبٌ مَّرْقُوْمٌ
(٩)وَیْلٌ یَّوْمَئِذٍ لِّلْمُکَذِّبِیْنَ(١٠)الَّذِیْنَ یُکَذِّبُوْنَ بِیَوْمِ الدِّیْنِ(١١)وَمَا یُکَذِّبُ بِهٖٓ اِلَّا کُلُّ مُعْتَدٍ
اَثِیْمٍ(١٢)اِذَا تُتْلٰی عَلَیْهِ اٰیٰتُنَا قَالَ اَسَاطِیْرُ الْاَوَّلِیْنَ(١٣) کَلَّا بَلْ (سکته)رَانَ عَلٰی قُلُوْبِهِمْ مَّا
کَانُوْا یَکْسِبُوْنَ(١٤) کَلَّآ اِنَّهُمْ عَنْ رَّبِّهِمْ یَوْمَئِذٍ لَّمَحْجُوْبُوْنَ(١٥)ثُمَّ اِنَّهُمْ لَصَالُوا
الْجَحِیْمِ(١٦)ثُمَّ یُقَالُ هٰذَا الَّذِیْ کُنْتُمْ بِهٖ تُکَذِّبُوْنَ(١٧) کَلَّآ اِنَّ کِتٰبَ الْاَبْرَارِ لَفِیْ
عِلِّیِّیْنَ(١٨)وَمَآ اَدْرٰکَ مَا عِلِّیُّوْنَ(١٩) کِتٰبٌ مَّرْقُوْمٌ(٢٠)یَّشْهَدُهُ الْمُقَرَّبُوْنَ(٢١)اِنَّ الْاَبْرَارَ
لَفِیْ نَعِیْمٍ(٢٢)عَلَی الْاَرَآئِکِ یَنْظُرُوْنَ(٢٣)تَعْرِفُ فِیْ وُجُوْهِهِمْ نَضْرَةَ النَّعِیْمِ(٢٤)یُسْقَوْنَ مِنْ
رَّحِیْقٍ مَّخْتُوْمٍ(٢٥)خِتٰمُهٗ مِسْکٌ ط وَفِیْ ذٰلِکَ فَلْیَتَنَافَسِ الْمُتَنَافِسُوْنَ(٢٦)وَ مِزَاجُهٗ مِنْ
تَسْنِیْمٍ(٢٧)عَیْنًا یَّشْرَبُ بِهَا الْمُقَرَّبُوْنَ(٢٨)اِنَّ الَّذِیْنَ اَجْرَمُوْا کَانُوْا مِنَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا
یَضْحَکُوْنَ(٢٩)وَاِذَا مَرُّوْا بِهِمْ یَتَغَامَزُوْنَ(٣٠)وَاِذَا انْقَلَبُوْٓا اِلٰٓی اَهْلِهِمُ انْقَلَبُوْا فَکِهِیْنَ(٣١)وَاِذَا
رَاَوْهُمْ قَالُوْٓا اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ لَضَآلُّوْنَ(٣٢)وَمَآ اُرْسِلُوْا عَلَیْهِمْ حٰفِظِیْنَ(٣٣)فَالْیَوْمَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مِنَ
الْکُفَّارِ یَضْحَکُوْنَ(٣٤)عَلَی الْاَرَآئِکِ یَنْظُرُوْنَ(٣٥)هَلْ ثُوِّبَ الْکُفَّارُ مَا کَانُوْا یَفْعَلُوْنَ(٣٦)



بے شک نیک لوگ نعمتوں میں ہوں گے۔(13)اور بدکار لوگ جہنم میں ہوں گے(14)یوم الدین (سزاوجزا کے دن)
وہ جہنم میں داخل کئے جائیں گے۔(15) اور وہ اس سے نکل نہیں سکیں گے۔(16) اور تم کیا جانو یوم الدین کیا
ہے؟(17)تم کیا جانو کہ یوم الدین کیا ہے؟(18)اس دن ہر شخص کو اپنی اپنی پڑی ہوگی۔اس دن اللہ کا حکم ہوگا۔(19)

## (83)......سُوْرَةُ اَلْمُطَفِّفِیْن

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے۔

(ناپ تول میں) کمی کرنے والوں کے لئے جہنم ہے۔(1) جو جب لوگوں سے لیتے ہیں تو پورا ناپ تول کر(2)اور جب دیتے ہیں
تو کم ناپ تول کر(3) کیا انہیں روزِ عظیم پر اٹھائے جانے میں کوئی شک ہے؟(4) اُس دن (5) جب لوگ رَب العالمین کے
سامنے کھڑے ہوں گے۔(6) بے شک بدکاروں کا کھاتہ سجین میں ہوگا(7) اور یہ سجین کیا ہے؟(8)لکھی ہوئی اکاؤنٹ
بک۔(9)اس روز جھٹلانے والوں کے لئے خرابی ہے۔(10) جو یوم الدین کو جھٹلائیں۔(11) وہی جھٹلاتے ہیں جو پرلے
درجے کے گنہگار ہوتے ہیں۔(12) جب ان کے سامنے ہماری آیات پڑھی جاتی ہیں تو کہتے ہیں یہ تو پرانے لوگوں کے قصے
ہیں۔(13) اُن کی کمائی کا زنگ اُن کے دلوں پر چڑھ گیا ہے۔(14) اس دن وہ اپنے رَب سے اوٹ میں ہوں گے۔(15)
پھر وہ ضرور آگ میں جائیں گے۔(16) پھر ان سے کہا جائے گا کہ یہی تھا جسے تم جھٹلاتے تھے۔(17) بے شک ابراروں کا کھاتہ
عِلّیّین میں ہوگا۔(18) تم کیا جانو عِلّیّین کیا ہے(19) بہی کھاتہ/اکاؤنٹ بک(20) جس میں اندراج صرف مقرَب لوگوں کے
نصیب میں ہوتا ہے۔(21) بے شک ابرار (نیک لوگ) ناز کرتے ہوں گے۔(22) (مسندوں) پر سے دیکھ رہے ہوں
گے۔(23)اور تم انہیں اُن کی نعمتوں سے ہشاش بشاش چہروں سے جان لوگے۔(24)انہیں سر بمہر رحیق پلائی جائے گی(25)
جس کی مہر مشک کی ہوگی اور باذوق اسے پسند کریں گے۔(26) اس میں تسنیم کا امتزاج ہے۔(27) یہ وہ چشمہ ہے جس سے
مقرَب ہی پیتے ہیں۔(28) یہ مجرم اپنے گھروں کو جاتے ہوئے مومنوں کا مذاق اُڑاتے تھے۔(29) جب مومنوں کے پاس سے
گزرتے تو آنکھوں سے آپس میں اشارے کرتے۔(30) اتراتے ہوئے گزرتے۔(31) اور مومنوں کو دیکھ کر کہتے یہ دیکھو
گمراہ۔(32) اور ہم نے انہیں اُن کا محافظ بنا کر نہیں بھیجا تھا۔(33) پس آج اہل ایمان کافروں پر ہنسیں گے۔(34) مسندوں
پر بیٹھے دیکھتے ہوئے۔(35) کیا خوب کافروں نے اپنے کئے کا بدلہ پایا۔(36)

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM



سورة الانشقاق . ۸۴ مکی سورة ... کل آیات. ۲۵

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ(۱)وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ(۲)وَاِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ(۳)وَاَلْقَتْ مَا فِيْهَا
وَتَخَلَّتْ(۴)وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ(۵)يٰۤاَيُّهَا الْاِنْسَانُ اِنَّكَ كَادِحٌ اِلٰى رَبِّكَ كَدْحًا فَمُلٰقِيْهِ(۶)فَاَمَّا
مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ بِيَمِيْنِهٖ(۷)فَسَوْفَ يُحَاسَبُ حِسَابًا يَّسِيْرًا(۸)وَّيَنْقَلِبُ اِلٰۤى اَهْلِهٖ مَسْرُوْرًا(۹)وَاَمَّا مَنْ
اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ وَرَآءَ ظَهْرِهٖ(۱۰)فَسَوْفَ يَدْعُوْا ثُبُوْرًا(۱۱)وَّيَصْلٰى سَعِيْرًا(۱۲)اِنَّهٗ كَانَ فِيْۤ اَهْلِهٖ
مَسْرُوْرًا(۱۳)اِنَّهٗ ظَنَّ اَنْ لَّنْ يَّحُوْرَ(۱۴)بَلٰۤى اِنَّ رَبَّهٗ كَانَ بِهٖ بَصِيْرًا(۱۵)فَلَاۤ اُقْسِمُ
بِالشَّفَقِ(۱۶)وَالَّيْلِ وَمَا وَسَقَ(۱۷)وَالْقَمَرِ اِذَا اتَّسَقَ(۱۸)لَتَرْكَبُنَّ طَبَقًا عَنْ طَبَقٍ(۱۹)فَمَا لَهُمْ لَا
يُؤْمِنُوْنَ(۲۰)وَاِذَا قُرِئَ عَلَيْهِمُ الْقُرْاٰنُ لَا يَسْجُدُوْنَ (آیت سجده)(۲۱)بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا
يُكَذِّبُوْنَ(۲۲)وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا يُوْعُوْنَ(۲۳)فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ(۲۴)اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا
الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ(۲۵)

سورة البروج . ۸۵( مکی سورة ... کل آیات. ۲۲)

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الْبُرُوْجِ(۱)وَالْيَوْمِ الْمَوْعُوْدِ(۲)وَشَاهِدٍ وَّ مَشْهُوْدٍ(۳)قُتِلَ اَصْحٰبُ
الْاُخْدُوْدِ(۴)النَّارِ ذَاتِ الْوَقُوْدِ(۵)اِذْهُمْ عَلَيْهَا قُعُوْدٌ(۶)وَّهُمْ عَلٰى مَا يَفْعَلُوْنَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ
شُهُوْدٌ(۷)وَمَا نَقَمُوْا مِنْهُمْ اِلَّاۤ اَنْ يُّؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ(۸)الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضِ ط وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ(۹)اِنَّ الَّذِيْنَ فَتَنُوا الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ثُمَّ لَمْ يَتُوْبُوْا
فَلَهُمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ وَلَهُمْ عَذَابُ الْحَرِيْقِ(۱۰)



**(84)......سُوْرَةُ الْاِنْشِقَاق**

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے۔

جب رب کی صدا گونجے گی تو آسمان پھٹ جائے گا۔(1) کیونکہ وہ اسی لائق ہے۔(2) اور جب زمین ہموار کی جائے
گی۔(3) اور اس کے اندر جو کچھ ہے باہر آ جائے گا اور وہ خالی ہو جائے گی۔(4) اور وہ سن لے گی اپنے رب کی پکار اور
وہ اُسی لائق ہے۔(5) اے انسان تو اپنے رب کی طرف بڑی تکلیف سے آتا ہے آخر اُسی سے ہی جا ملے گا۔(6) جس
کو اُس کی کتاب اُس کے دائیں ہاتھ میں دی گئی۔(7) عنقریب اُس کا حساب آسان ہوگا۔(8) وہ اپنے گھر والوں کی
طرف خوشی خوشی لوٹے گا۔(9) اور جسے اللہ تعالیٰ اپنا چہرہ انور دوسری طرف موڑ کر اس کا اعمال نامہ دیں گے (اللہ تعالیٰ
ایسے لوگوں کو اپنی زیارت نہیں کرائیں گے)۔(10) وہ چلا کر پکارے گا موت کو (11) اور آگ میں ڈالا جائے
گا۔(12) وہ پہلے اپنے گھر والوں کے ساتھ بہت خوش تھا۔(13) اسے گمان تھا کہ وہ کبھی نہ لوٹے گا۔(14) بلکہ اس کا
رب اُسے دیکھتا تھا۔(15) قسم ہے شفق کی (16) اور رات کی جو سمٹ آتی ہے۔(17) اور چاند کی جب وہ پورا ہو جاتا
ہے۔(18) تم کو ضرور درجہ بدرجہ چڑھنا ہے۔(19) تو انہیں کیا ہے کہ وہ ایمان نہیں لاتے۔(20) اور جب ان کے
سامنے قرآن پڑھا جاتا ہے وہ سجدہ نہیں کرتے (سجدہ)(21) جو کافر ہیں وہ جھٹلاتے ہیں (22) اور اللہ جانتا ہے جو وہ
دلوں میں بھر رکھتے ہیں۔(23) انہیں دردناک عذاب کی خوشخبری دو (24) جو ایمان لائے اور نیک کام کئے اُن کے
لئے نہ ختم ہونے والی جزا ہے۔(25)

**(85)......سُوْرَةُ الْبُرُوْج**

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے۔

قسم ہے برجوں والے آسمان کی۔(1) قسم ہے وعدے کے دن کی۔ (قیامت کے دن کی)(2) قسم ہے شاہد اور مشہود کی۔
(3) مارے گئے خندقوں والے (4) اُس میں آگ کا ایندھن تھا (5) اور وہ اس (خاموش آتش فشاں) پر سکون سے بیٹھے
تھے، جس کی انہیں خبر نہ تھی۔(6) وہ مومنوں کے ساتھ ظلم ہوتا ہوا دیکھ رہے تھے۔(7) مومنوں کا کوئی قصور نہ تھا سوائے یہ
کہ وہ اللہ پر ایمان لائے تھے جو غالب اور خوبیوں والا ہے۔(8) جو آسمان اور زمین کا مالک ہے اور ہر شے پر گواہ ہے (9)
جن لوگوں نے مومنوں اور مومنات کو اذیت دی اور پھر توبہ نہ کی تو ان کے لئے جہنم اور آگ کا عذاب ہے (10)

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM



اِنَّ الَّـذِیۡـنَ اٰمَـنُوۡا وَعَـمِـلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمۡ جَنّٰتٌ تَجۡرِیۡ مِنۡ تَحۡتِهَاالۡاَنۡهٰرُ ط ذٰلِکَ الۡفَوۡزُ
الۡـکَبِیۡـرُ(۱۱)اِنَّ بَطۡـشَ رَبِّکَ لَشَدِیۡـدٌ(۱۲)اِنَّـهٗ هُـوَ یُبۡـدِئُ وَیُعِیۡدُ(۱۳)وَهُوَ الۡغَفُوۡرُ
الۡـوَدُوۡدُ(۱۴)ذُوالۡـعَـرۡشِ الۡـمَجِیۡـدُ(۱۵)فَعَّـالٌ لِّـمَـا یُـرِیۡدُ(۱۶)هَلۡ اَتٰـکَ حَدِیۡـثُ
الۡـجُنُـوۡدِ(۱۷)فِرۡعَوۡنَ وَثَمُوۡدَ(۱۸)بَلِ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا فِیۡ تَکۡذِیۡبٍ(۱۹)وَّ اللّٰهُ مِنۡ وَّرَآئِهِمۡ
مُّحِیۡطٌ(۲۰)بَلۡ هُوَ قُرۡاٰنٌ مَّجِیۡدٌ(۲۱)فِیۡ لَوۡحٍ مَّحۡفُوۡظٍ(۲۲)

سورة الطارق ... ۸۶...مکی سورة ... کل آیات.۱۷

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

وَالسَّـمَـآءِ وَالـطَّـارِقِ(۱)وَمَـآ اَدۡرٰکَ مَـا الـطَّارِقُ(۲)النَّجۡمُ الثَّاقِبُ(۳)اِنۡ کُلُّ نَفۡسٍ لَّمَّا
عَـلَیۡهَـا حَـافِظٌ(۴)فَـلۡیَـنۡـظُرِ الۡاِنۡسَانُ مِمَّ خُلِقَ(۵)خُلِقَ مِنۡ مَّآءٍ دَافِقٍ(۶)یَّخۡرُجُ مِنۡ م بَیۡنِ
الـصُّـلۡـبِ وَالتَّرَآئِبِ(۷)اِنَّهٗ عَلٰی رَجۡعِهٖ لَقَادِرٌ(۸)یَوۡمَ تُبۡلَی السَّرَآئِرُ(۹)فَمَا لَهٗ مِنۡ قُوَّةٍ وَّلَا
نَـاصِـرٍ(۱۰)وَالسَّـمَـآءِ ذَاتِ الـرَّجۡـعِ(۱۱)وَالۡاَرۡضِ ذَاتِ الـصَّـدۡعِ(۱۲)اِنَّـهٗ لَـقَـوۡلٌ
فَـصۡـلٌ(۱۳)وَّمَـا هُـوَ بِـالۡهَـزۡلِ(۱۴)اِنَّهُـمۡ یَـکِیۡدُوۡنَ کَیۡدًا(۱۵)وَّاَکِیۡدُ کَیۡدًا(۱۶)فَمَهِّلِ
الۡکٰفِرِیۡنَ اَمۡهِلۡهُمۡ رُوَیۡدًا(۱۷)

سورة الاعلیٰ . ۸۷ مکی سورة ... کل آیات. ۱۹

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

سَبِّـحِ اسۡمَ رَبِّکَ الۡاَعۡلَی(۱)الَّذِیۡ خَلَقَ فَسَوّٰی(۲)وَالَّذِیۡ قَدَّرَ فَهَدٰی(۳)وَالَّذِیۡۤ اَخۡرَجَ
الۡـمَـرۡعٰـی(۴)فَـجَعَلَهٗ غُثَآءً اَحۡوٰی(۵)سَنُقۡرِئُکَ فَلَا تَنۡسٰۤی(۶)اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ط اِنَّهٗ یَعۡلَمُ
الۡجَهۡرَ وَمَا یَخۡفٰی(۷)



مومنوں اور نیکو کاروں کے لئے جنت ہے، جس کے نیچے نہریں بہتی ہیں۔ یہ بڑی کامیابی ہے۔(11) بے شک ترے رَب کی گرفت بڑی مضبوط ہے۔(12) وہی ہے جس نے (زندگی کی) ابتدا کی اور وہی دوبارہ زندہ کرے گا۔(13) اور وہ بخشنے والا محبت کرنے والا ہے۔(14) عرش کا مالک ہے۔ بڑی شان والا ہے۔(15) وہ جو چاہتا ہے کرتا ہے۔(16) کیا آپ تک اُن لشکروں کی خبر پہنچی(17) فرعون اور نمرود کے لشکروں کی خبر(18) بلکہ کفر کرنے والے جھٹلانے میں پڑے ہیں (19) اور اللہ ہر طرف سے انہیں گھیرے ہوئے ہے۔(20) بلکہ وہ قرآن مجید بڑی شان والا ہے۔(21) لوح محفوظ میں ہے۔(22)

## (86)......سُوۡرَةُ اَلطَّارِق

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے۔

قسم ہے آسمان کی اور طارق کی(1) اور تم کیا جانو طارق کیا ہے۔(2) ایک روشن ستارہ(3) کوئی شخص ایسا نہیں جس پر ستارہ نگہبان نہ ہو۔(4) پھر انسان دیکھے کہ وہ کس چیز سے تخلیق ہوا۔(5) وہ ایک اچھلتے ہوئے پانی سے تخلیق کیا گیا(6) جو پیٹھ اور سینہ کے درمیان سے نکلتا ہے۔(7) بے شک وہ اس کو واپس لانے پر قدرت رکھتا ہے۔(8) جس دن رازوں کو جانچا جائے گا۔(9) پھر اُس کے پاس نہ طاقت ہوگی نہ کوئی مددگار(10) آسمان کی قسم جو بارش والا ہے(11) اور زمین کی قسم جو خشکی سے پھٹ جاتی ہے۔(12) بے شک وہ (قرآن) ضرور فیصلہ کن بات ہے۔(13) اور یہ مذاق نہیں ہے۔(14) بے شک وہ دھوکے باز دھوکہ بازی کرتے ہیں۔(15) اور میں اپنا داؤ چلاتا ہوں۔(16) کافروں کو تھوڑے دن مہلت دے دو۔(17)

## (87)......سُوۡرَةُ اَلۡاَعۡلٰی

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے۔

اپنے اعلیٰ رَب کے نام کی پاکیزگی بیان کر(1) جس نے تخلیق کیا اور درست کیا۔(2) جس نے قدر و قیمت کا اندازہ لگایا اور ہدایت دی۔(3) جس نے جانوروں کے کھانے کے لیے چارہ نکالا۔(4) پھر اسے سوکھی ہوئی سیاہ گھاس بنا دیا(5) اب ہم تمہیں پڑھائیں گے جو تم نہ بھولو گے۔(6) سوائے وہ جو اللہ چاہے۔ وہ ظاہر اور باطن کو جانتا ہے۔(7)

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM

وَنُيَسِّرُکَ لِلۡيُسۡرٰی(٨)فَذَكِّرۡ اِنۡ نَّفَعَتِ الذِّكۡرٰی(٩)سَيَذَّكَّرُ مَنۡ يَّخۡشٰی(١٠)وَيَتَجَنَّبُهَا
الۡاَشۡقَی(١١)الَّذِیۡ يَصۡلَی النَّارَ الۡكُبۡرٰی(١٢)ثُمَّ لَا يَمُوۡتُ فِيۡهَا وَلَا يَحۡيٰی(١٣)قَدۡ اَفۡلَحَ
مَنۡ تَزَكّٰی(١٤)وَ ذَكَرَ اسۡمَ رَبِّهٖ فَصَلّٰی(١٥)بَلۡ تُؤۡثِرُوۡنَ الۡحَيٰوةَ الدُّنۡيَا(١٦)وَالۡاٰخِرَةُ خَيۡرٌ
وَّاَبۡقٰی(١٧)اِنَّ هٰذَا لَفِی الصُّحُفِ الۡاُوۡلٰی(١٨)صُحُفِ اِبۡرٰهِيۡمَ وَمُوۡسٰی(١٩)

## سورة الغاشية . ٨٨ (مكی سورة ... كل آيات. ٢٦)

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

هَلۡ اَتٰكَ حَدِيۡثُ الۡغَاشِيَةِ(١)وُجُوۡهٌ يَّوۡمَئِذٍ خَاشِعَةٌ(٢)عَامِلَةٌ نَّاصِبَةٌ(٣)تَصۡلٰی نَارًا
حَامِيَةً(٤)تُسۡقٰی مِنۡ عَيۡنٍ اٰنِيَةٍ(٥)لَيۡسَ لَهُمۡ طَعَامٌ اِلَّا مِنۡ ضَرِيۡعٍ(٦)لَّا يُسۡمِنُ وَلَا يُغۡنِیۡ مِنۡ
جُوۡعٍ(٧)وُجُوۡهٌ يَّوۡمَئِذٍ نَّاعِمَةٌ(٨)لِّسَعۡيِهَا رَاضِيَةٌ(٩)فِیۡ جَنَّةٍ عَالِيَةٍ(١٠)لَّا تَسۡمَعُ فِيۡهَا
لَاغِيَةً(١١)فِيۡهَا عَيۡنٌ جَارِيَةٌ(١٢)فِيۡهَا سُرُرٌ مَّرۡفُوۡعَةٌ(١٣)وَّاَكۡوَابٌ مَّوۡضُوۡعَةٌ(١٤)وَّنَمَارِقُ
مَصۡفُوۡفَةٌ(١٥)وَّزَرَابِیُّ مَبۡثُوۡثَةٌ(١٦)اَفَلَا يَنۡظُرُوۡنَ اِلَی الۡاِبِلِ كَيۡفَ خُلِقَتۡ(١٧)وَاِلَی السَّمَآءِ
كَيۡفَ رُفِعَتۡ(١٨)وَاِلَی الۡجِبَالِ كَيۡفَ نُصِبَتۡ(١٩)وَاِلَی الۡاَرۡضِ كَيۡفَ سُطِحَتۡ(٢٠)فَذَكِّرۡ
ط اِنَّمَآ اَنۡتَ مُذَكِّرٌ(٢١)لَسۡتَ عَلَيۡهِمۡ بِمُصَيۡطِرٍ(٢٢)اِلَّا مَنۡ تَوَلّٰی وَ كَفَرَ(٢٣)فَيُعَذِّبُهُ اللّٰهُ
الۡعَذَابَ الۡاَكۡبَرَ(٢٤)اِنَّ اِلَيۡنَآ اِيَابَهُمۡ(٢٥)ثُمَّ اِنَّ عَلَيۡنَا حِسَابَهُمۡ (٢٦)

## سورة الفجر . ٨٩ مكی سورة ... كل آيات. ٣٠

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

وَالۡفَجۡرِ(١)وَلَيَالٍ عَشۡرٍ(٢)وَّالشَّفۡعِ وَالۡوَتۡرِ(٣)وَالَّيۡلِ اِذَا يَسۡرِ(٤)هَلۡ فِیۡ ذٰلِكَ قَسَمٌ
لِّذِیۡ حِجۡرٍ(٥)اَلَمۡ تَرَ كَيۡفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِعَادٍ(٦)اِرَمَ ذَاتِ الۡعِمَادِ(٧)



اور ہم مُشکل کُشا ہیں۔(8) ذکر کر کہ فائدہ ہو(9) جو ڈرے گا نصیحت لے گا۔(10) اور (بدبخت) ظالم اس سے بچے گا۔
(11) جو بڑی آگ میں جائے گا(12) پھر وہ وہاں جیئے گا نہ مرے گا۔(13) تحقیق وہ فلاح پا گیا جو پاک ہوا۔(14)
اور اپنے رَب کا نام لیتا رہا اور نماز پڑھتا رہا۔(15) لیکن تم تو دنیاوی زندگی کو ترجیح دیتے ہو۔(16) اور آخرت بہتر اور
باقی رہنے والی ہے۔(17) بے شک یہ پرانے صحیفوں میں ہے(18) جو ابراہیم اور موسیٰ کے صحیفے تھے۔(19)

## (88)......سُوۡرَةُ اَلۡغَاشِيَة

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے۔

کیا تمہارے پاس چھا جانے والی خبر پہنچی (1) جس دن بہت سے چہرے خوفزدہ ہوں گے (2) محنت مشقت سے اَٹے
ہوئے(3) جو دہکتی ہوئی آگ میں جائیں گی۔(4) جنہیں گرم چشمے سے پلایا جائے گا (5) جنہیں کھانے کے لئے صرف
خاردار گھاس دی جائے گی(6) جو نہ موٹا کرے اور نہ بھوک مٹائے۔(7) اس دن کچھ چہرے تروتازہ ہوں گے (8) اپنی
سعی پر خوش(9) جنت عالیہ میں(10) وہاں کوئی بے ہودہ بات سنائی نہ دے گی(11) وہاں چشمے رواں ہوں گے۔(12)
وہاں اونچے تخت ہوں گے(13) اور منتخب پیالے(14) اور صف میں بچھے غالیچے۔(15) اور پھیلے ہوئے گدے(16)
کیا انہوں نے اونٹ نہیں دیکھا کیسی عجب مخلوق ہے۔(17) اور آسمان کیسا اٹھایا۔(18) اور پہاڑ کیسا گاڑا (نصب کیا)
(19) اور زمین کیسی بچھائی۔(20) ذکر کریں کہ آپ ذکر کرنے والے ہیں(21) آپ اُن پر داروغہ نہیں لگے(22) مگر
جس نے منہ موڑا اور کفر کیا(23) اللہ اُسے بڑا عذاب دے گا۔(24) یقیناً ان کا لوٹنا ہماری طرف ہی ہے۔(25) پھر ان
کا حساب لینا بھی ہم پر ہے۔(26)

## (89)......سُوۡرَةُ اَلۡفَجۡر

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے

قسم ہے فجر کی(1) اور دس راتوں کی(2) جفت اور واحد کی(3) اور ڈھلتی رات کی۔(4) کیا اِن قسموں میں صاحب عقل
کے لیے کوئی اہمیت ہے؟(5) کیا تم نہیں دیکھتے کہ تیرے رَب نے عاد کا کیا کیا۔(6) ستونوں والے ارم کا۔(7)

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM



الَّتِیُ لَمُ یُخُلَقُ مِثُلُهَا فِی الُبِلَادِ(٨)وَثَمُوُدَ الَّذِیُنَ جَابُوا الصَّخُرَ بِالُوَادِ(٩)وَفِرُعَوُنَ ذِی
الُاَوُتَادِ(١٠)الَّذِیُنَ طَغَوُا فِی الُبِلَادِ(١١)فَاَكُثَرُوُا فِیُهَا الُفَسَادَ(١٢)فَصَبَّ عَلَیُهِمُ رَبُّکَ
سَوُطَ عَذَابٍ(١٣)اِنَّ رَبَّکَ لَبِالُمِرُصَادِ(١٤)فَاَمَّا الُاِنُسَانُ اِذَا مَا ابُتَلٰهُ رَبُّهٗ فَاَكُرَمَهٗ وَنَعَّمَهٗ
فَیَقُوُلُ رَبِّیٓ اَكُرَمَنِ(١٥)وَاَمَّآ اِذَا مَا ابُتَلٰهُ فَقَدَرَ عَلَیُهِ رِزُقَهٗ فَیَقُوُلُ رَبِّیٓ اَهَانَنِ(١٦)كَلَّا بَلُ
لَّا تُكُرِمُوُنَ الُیَتِیُمَ(١٧)وَلَا تَحٰٓضُّوُنَ عَلٰی طَعَامِ الُمِسُكِیُنِ(١٨)وَتَاُكُلُوُنَ التُّرَاثَ اَكُلًا
لَّمًّا(١٩)وَّتُحِبُّوُنَ الُمَالَ حُبًّا جَمًّا(٢٠)كَلَّآ اِذَا دُكَّتِ الُاَرُضُ دَكًّا دَكًّا(٢١)وَّجَآءَ
رَبُّکَ وَالُمَلَکُ صَفًّا صَفًّا(٢٢)وَجِایٓءَ یَوُمَئِذٍم بِجَهَنَّمَ یَوُمَئِذٍ یَّتَذَكَّرُ الُاِنُسَانُ وَاَنّٰی لَهُ
الذِّكُرٰی(٢٣)یَقُوُلُ یٰلَیُتَنِیُ قَدَّمُتُ لِحَیَاتِیُ(٢٤)فَیَوُمَئِذٍ لَّا یُعَذِّبُ عَذَابَهٗٓ اَحَدٌ(٢٥)وَّلَا
یُوُثِقُ وَثَاقَهٗٓ اَحَدٌ(٢٦)یٰٓاَیَّتُهَا النَّفُسُ الُمُطُمَئِنَّةُ(٢٧)ارُجِعِیٓ اِلٰی رَبِّکِ رَاضِیَةً
مَّرُضِیَّةً(٢٨)فَادُخُلِیُ فِیُ عِبٰدِیُ(٢٩)وَادُخُلِیُ جَنَّتِیُ(٣٠)

## سورة البلد . ٩٠ مکی سورة ... کل آیات. ٢٠ بِسُمِ اللّٰهِ الرَّحُمٰنِ الرَّحِیُمِ

لَآ اُقُسِمُ بِهٰذَا الُبَلَدِ(١)وَاَنُتَ حِلٌّ م بِهٰذَا الُبَلَدِ(٢)وَوَالِدٍ وَّمَا وَلَدَ(٣)لَقَدُ خَلَقُنَا الُاِنُسَانَ
فِیُ كَبَدٍ(٤)اَیَحُسَبُ اَنُ لَّنُ یَّقُدِرَ عَلَیُهِ اَحَدٌ(٥)یَقُوُلُ اَهُلَكُتُ مَالًا لُّبَدًا(٦)اَیَحُسَبُ اَنُ لَّمُ
یَرَهٗٓ اَحَدٌ(٧)اَلَمُ نَجُعَلُ لَّهٗ عَیُنَیُنِ(٨)وَلِسَانًا وَّشَفَتَیُنِ(٩)وَهَدَیُنٰهُ النَّجُدَیُنِ(١٠)فَلَا اقُتَحَمَ
الُعَقَبَةَ(١١)وَمَآ اَدُرٰکَ مَا الُعَقَبَةُ(١٢)فَکُّ رَقَبَةٍ(١٣)اَوُ اِطُعٰمٌ فِیُ یَوُمٍ ذِیُ
مَسُغَبَةٍ(١٤)یَّتِیُمًا ذَا مَقُرَبَةٍ(١٥)اَوُ مِسُكِیُنًا ذَا مَتُرَبَةٍ(١٦)ثُمَّ كَانَ مِنَ الَّذِیُنَ اٰمَنُوُا وَ
تَوَاصَوُا بِالصَّبُرِ وَتَوَاصَوُا بِالُمَرُحَمَةِ(١٧)اُولٰٓئِکَ اَصُحٰبُ الُمَیُمَنَةِ(١٨)وَالَّذِیُنَ كَفَرُوُا
بِاٰیٰتِنَا هُمُ اَصُحٰبُ الُمَشُئَمَةِ(١٩)عَلَیُهِمُ نَارٌ مُّؤُصَدَةٌ(٢٠)



جن کا دنیا میں کوئی ثانی نہ تھا۔(8) اور ثمود جو وادی میں سخت پتھر تراشتے تھے۔(9) اور فرعون جو میخوں والا تھا۔(10) جس
نے زمین پر سرکشی کر رکھی تھی(11) اور شہر میں بہت فساد اٹھا رکھا تھا(12) پھر ترے رَب نے اُن پر اپنے عذاب کا کوڑا مارا
۔(13) بے شک تیرا رَب گھات میں ہے۔(14) انسان کو جب اس کا رَب آزمائے اور اُسے عزت ونعمت دے تو وہ کہتا
ہے، میرے رَب نے مجھے عزت دی۔(15) اور اگر وہ اُسے آزمائے اور اس کا رزق تنگ کر دے تو کہتا ہے، میرے رَب
نے مجھے ذلیل کر دیا۔(16) ایسا ہرگز نہیں۔ بلکہ تم یتیم کی عزت نہیں کرتے۔(17) اور مسکین (نادار) کو کھانا کھلانے کی
ترغیب نہیں دیتے۔(18) اور میراث کا مال اکٹھا کر کے کھا جاتے ہو۔(19) اور مال سے بڑی محبت کرتے ہو۔(20)
ہرگز نہیں۔ جب زمین کوٹ کوٹ کر نیچی کر دی جائے گی۔(21) اور تیرا رَب اور فرشتے صف در صف آ جائیں گے۔
(22) اس دن جہنم لائی جائے گی۔ اس دن انسان سوچے گا۔ اور وہ کہاں سوچے گا۔ (سوچنے کا کیا فائدہ ہوگا)(23) وہ
کہے گا کاش میں نے اپنی زندگی میں بھلائی آگے بھیجی ہوتی۔(24) اُس دن اُس کا عذاب بے مثل(25) اور اس کا باندھنا
بے نظیر ہوگا۔(26) اے نفس مطمئنہ!(27) اپنے رَب کی طرف راضی بارضا ہو کر لوٹ!(28) میرے بندوں میں شامل
ہو کر،(29) میری جنت میں داخل ہو جا۔(30)

## (90)......سُوُرَةُ اَلُبَلَد (شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے)

قسم ہے اس شہر کی(1) کہ یہ شہر آپ کا ہے۔(2) آدم کی اور اولاد آدم کی(3) کہ ہم نے انسان کو مشقت میں پیدا کیا
ہے۔(4) کیا وہ خود کو آزاد سمجھتا ہے(5) کہتا ہے کہ اس نے ڈھیروں مال خرچ کر دیا(6) اور سمجھتا ہے کہ اسے کسی نے
نہیں دیکھا۔(7) کیا ہم نے اسے آنکھیں،(8) زبان اور ہونٹ عطا نہیں کئے(9) نیکی اور بدی کے دونوں راستے نہیں
دکھا دئے(10) مگر وہ نیکی کی طرف جانے والی ہائی وے (بلند راستے) پر ہی نہیں چڑھا(11) تم کیا جانو! نیکی کی جانب
جانے والی ہائی وے کیا ہے؟(12) غلام کو آزاد کرانا،(13) یتیم(14) قرابت دار(15) یا مسکین (نادار) کو بھوک میں
کھانا کھلانا۔(16) یہی ہیں جو ایمان لائے اور اللہ کے لئے خرچ کیا اور دوسروں کو خرچ کرنے اور رحم کرنے کی تلقین
کرتے رہے(17) یہی ہیں دائیں طرف والے(18) اور جنہوں نے ہماری آیات کو جھٹلایا وہ ہیں بائیں طرف والے
(19) ان کے اندر آگ ہر طرف سے بند کر دی گئی ہے۔(20)

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM



## سورة الشمس . ۹۱ مکی سورة ... کل آیات. ۱۵

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

وَالشَّمۡسِ وَضُحٰهَا(۱)وَالۡقَمَرِ اِذَا تَلٰهَا(۲)وَالنَّهَارِ اِذَا جَلّٰهَا(۳)وَالَّيۡلِ اِذَا
يَغۡشٰهَا(۴)وَالسَّمَآءِ وَمَا بَنٰهَا(۵)وَالۡاَرۡضِ وَمَا طَحٰهَا(۶)وَنَفۡسٍ وَّمَا سَوّٰهَا(۷)فَاَلۡهَمَهَا
فُجُوۡرَهَا وَ تَقۡوٰهَا(۸)قَدۡ اَفۡلَحَ مَنۡ زَكّٰهَا(۹)وَقَدۡ خَابَ مَنۡ دَسّٰهَا(۱۰)كَذَّبَتۡ ثَمُوۡدُ
بِطَغۡوٰهَآ(۱۱)اِذِ انۡۢبَعَثَ اَشۡقٰهَا(۱۲)فَقَالَ لَهُمۡ رَسُوۡلُ اللّٰهِ نَاقَةَ اللّٰهِ وَسُقۡيٰهَا(۱۳)فَكَذَّبُوۡهُ
فَعَقَرُوۡهَا فَدَمۡدَمَ عَلَيۡهِمۡ رَبُّهُمۡ بِذَنۡۢبِهِمۡ فَسَوّٰهَا(۱۴)وَلَا يَخَافُ عُقۡبٰهَا(۱۵)

## سورة اللیل . ۹۲ مکی سورة ... کل آیات. ۲۱

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

وَالَّيۡلِ اِذَا يَغۡشٰى(۱)وَالنَّهَارِ اِذَا تَجَلّٰى(۲)وَمَا خَلَقَ الذَّكَرَ وَالۡاُنۡثٰٓى(۳)اِنَّ سَعۡيَكُمۡ
لَشَتّٰى(۴)فَاَمَّا مَنۡ اَعۡطٰى وَاتَّقٰى(۵)وَصَدَّقَ بِالۡحُسۡنٰى(۶)فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلۡيُسۡرٰى(۷)وَاَمَّا مَنۡ
مۢ بَخِلَ وَاسۡتَغۡنٰى(۸)وَكَذَّبَ بِالۡحُسۡنٰى(۹)فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلۡعُسۡرٰى(۱۰)وَمَا يُغۡنِىۡ عَنۡهُ مَالُهٗۤ اِذَا
تَرَدّٰى(۱۱)اِنَّ عَلَيۡنَا لَلۡهُدٰى(۱۲)وَاِنَّ لَنَا لَلۡاٰخِرَةَ وَالۡاُوۡلٰى(۱۳)فَاَنۡذَرۡتُكُمۡ نَارًا
تَلَظّٰى(۱۴)لَا يَصۡلٰٮهَاۤ اِلَّا الۡاَشۡقَى(۱۵)الَّذِىۡ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى(۱۶)وَسَيُجَنَّبُهَا
الۡاَتۡقَى(۱۷)الَّذِىۡ يُؤۡتِىۡ مَالَهٗ يَتَزَكّٰى(۱۸)وَمَا لِاَحَدٍ عِنۡدَهٗ مِنۡ نِّعۡمَةٍ تُجۡزٰٓى(۱۹)اِلَّا
ابۡتِغَآءَ وَجۡهِ رَبِّهِ الۡاَعۡلٰى(۲۰)وَلَسَوۡفَ يَرۡضٰى(۲۱)



## (91)......سُوۡرَةُ الشَّمۡسِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان،نہایت رحم کرنے والا ہے۔

سورج اور اُس کی جوانی کی قسم(1) اور چاند کی قسم جب وہ سورج کے پیچھے چلے(2) اور دن کی قسم جب وہ جوبن پر آ جائے (3) اور رات کی قسم جب وہ پوری طرح چھا جائے(4) اور آسمان اور اُس کے بنانے والے کی قسم(5) اور زمین اور اس کے بچھانے والے کی قسم(6) اور انسان اور اسے درست کرنے والے کی قسم(7) پھر اس کے دل میں برائی اور اچھائی ڈال دی۔ (8) تحقیق وہ کامیاب ہوا جس نے اپنے نفس کو پاک کیا۔(9) اور تحقیق وہ خراب ہوا جس نے نصیحت کو خاک میں ملا دیا۔ (10) ثمود نے اپنی سرکشی سے جھٹلایا۔(11) جب اُس قوم کا ایک بدبخت اٹھا۔(12) ان سے اللہ کے رسول نے کہا، اللہ کی اونٹنی اور اس کے پانی پلانے کا خیال رہے۔(13) پھر انہوں نے رسول اللہ کو جھٹلایا اور اونٹنی کی کونچیں (ٹانگیں) کاٹ دیں، پھر ان کے رَب نے ان کے گناہ کے سبب ان پر ہلاکت ڈال دی اور ان کو ملیامیٹ کر دیا۔(14) اور اللہ انجام سے نہیں ڈرتا۔(15)

## (92)......سُوۡرَةُ الَّيۡلِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان،نہایت رحم کرنے والا ہے۔

تاریک رات کی قسم(1) روشن دن کی قسم(2) اور مرد و زن کی قسم(3) آپ لوگوں کی کوششیں مربوط نہیں ہیں(4) جس نے فی سبیل اللہ دیا اور پرہیزگاری اختیار کی (5) اور اچھے طریقے سے سچ کی تصدیق کی (6) تو ایسے شخص کے لیے آسانیاں حاصل کرنا آسان کر دیں گے(7) اور جس نے کنجوسی کی اور بے پرواہ رہا(8) اور سچ کو جھوٹ جانا(9) تو ایسے شخص کے لئے مشکلات کا حصول آسان کر دیں گے(10) اور اس شخص کو اس کا مال فائدہ نہیں دے گا جب اسے ٹھکرا دیا جائے گا(11) بے شک ہدایت دینا ہمارا کام ہے۔(12) اور آغاز و انجام ہمارا ہی ہے۔(13) پس میں آپ کو بھڑکتی ہوئی آگ سے ڈراتا ہوں۔(14) جس میں صرف وہ بدبخت جائے گا(15) جس نے جھٹلایا اور منہ موڑا(16) اور جلد ہی وہ متقی بچا لیا جائے گا۔(17) جس نے مال دیا اور تزکیہ کیا۔(18) اور کسی شخص کا اس پر کوئی احسان نعمت نہیں جس کا اسے بدلہ چکانا ہو۔(19) اُسے اپنے رَب الاعلیٰ کی رضا حاصل کرنا چاہیے۔(20) اور جلد اللہ اس پر راضی ہوگا۔(21)

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM



## سورة الضحى . ۹۳

مکی سورة ... کل آیات . ۱۱

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

وَالضُّحٰى(۱)وَالَّيۡلِ اِذَا سَجٰى(۲)مَا وَدَّعَکَ رَبُّکَ وَمَا قَلٰى(۳)وَلَلۡاٰخِرَةُ خَيۡرٌ لَّکَ مِنَ
الۡاُوۡلٰى(۴)وَلَسَوۡفَ يُعۡطِيۡکَ رَبُّکَ فَتَرۡضٰى(۵)اَلَمۡ يَجِدۡکَ يَتِيۡمًا فَاٰوٰى(۶)وَوَجَدَکَ
ضَآلًّا فَهَدٰى(۷)وَوَجَدَکَ عَآئِلًا فَاَغۡنٰى(۸)فَاَمَّا الۡيَتِيۡمَ فَلَا تَقۡهَرۡ(۹)وَاَمَّا السَّآئِلَ فَلَا
تَنۡهَرۡ(۱۰)وَاَمَّا بِنِعۡمَةِ رَبِّکَ فَحَدِّثۡ(۱۱)

## سورة الم نشرح . ۹۴

مکی سورة ... کل آیات . ۸

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اَلَمۡ نَشۡرَحۡ لَکَ صَدۡرَکَ(۱)وَوَضَعۡنَا عَنۡکَ وِزۡرَکَ(۲)الَّذِىۡۤ اَنۡقَضَ
ظَهۡرَکَ(۳)وَرَفَعۡنَا لَکَ ذِکۡرَکَ(۴)فَاِنَّ مَعَ الۡعُسۡرِ يُسۡرًا(۵)اِنَّ مَعَ الۡعُسۡرِ يُسۡرًا(۶)فَاِذَا
فَرَغۡتَ فَانۡصَبۡ(۷)وَاِلٰى رَبِّکَ فَارۡغَبۡ(۸)

## سورة التين . ۹۵ مکی سورة ... کل آیات . ۸

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

وَالتِّيۡنِ وَالزَّيۡتُوۡنِ(۱)وَطُوۡرِ سِيۡنِيۡنَ(۲)وَ هٰذَا الۡبَلَدِ الۡاَمِيۡنِ(۳)لَقَدۡ خَلَقۡنَا الۡاِنۡسَانَ فِىۡۤ
اَحۡسَنِ تَقۡوِيۡمٍ(۴)ثُمَّ رَدَدۡنٰهُ اَسۡفَلَ سٰفِلِيۡنَ(۵)اِلَّا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَلَهُمۡ اَجۡرٌ
غَيۡرُ مَمۡنُوۡنٍ(۶)فَمَا يُکَذِّبُکَ بَعۡدُ بِالدِّيۡنِ(۷)اَلَيۡسَ اللّٰهُ بِاَحۡکَمِ الۡحٰکِمِيۡنَ(۸)



## (93)......سُوۡرَةُ الضُّحٰى

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان،نہایت رحم کرنے والا ہے۔

قسم ہے دن چڑھے کی (1) اور رات کی جب وہ چھا جائے (2) آپ کے رَب نے آپ کو کبھی الوداع نہیں کہا نہ تنہا چھوڑا۔(3) اور آپ کی آخرت پہلے کی زندگی سے بہتر ہے۔(4) اور عنقریب آپ کا رَب آپ کو گو ہر مقصود عطا کرے گا۔بس آپ راضی ہو جائیں۔(5) کیا آپ یتیم نہیں تھے ہم نے آپ کو ٹھکانا دیا۔(6) آپ بھٹک رہے تھے ہم نے آپ کو راہ دکھائی۔(7) آپ مفلس تھے ہم نے آپ کو غنی کیا (8) آپ کو چاہیے کہ یتیم پر قہر نہ کریں (9) اور سائل کو نہ جھڑکیں (10) اور اپنے رَب کی نعمت یاد کریں (11)

## (94)......سورة الم نشرح

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان،نہایت رحم کرنے والا ہے۔

کیا ہم نے آپ کا سینہ نہیں کھول دیا؟ (1) اور آپ کا وہ بوجھ آپ پر سے نہیں اتار دیا؟ (2) جس نے آپ کی کمر دوہری کر رکھی تھی (3) اور آپ کا ذکر بلند کر دیا (4) بس مشکل میں ہی آسانی ہے (5) بے شک مشکل کے ہمراہ ہی آسانی ہے (رنج سے خوگر ہوا انسان تو مٹ جاتا ہے رنج = مشکلیں اتنی پڑیں مجھ پر کہ آساں ہو گئیں)۔(غالبؔ) انسان کو مشکل سے نہیں گھبرانا چاہیے۔مشکل کا بہادروں کی طرح مقابلہ کرے۔پھر مشکل آسان ہو جائے گی۔بشرطیکہ محنت کرنے میں کوئی کسر اُٹھا نہ رکھے۔)(6) جب آپ فارغ ہوں تو جان توڑ محنت کریں (7) اور اپنے رَب سے رغبت رکھیں۔(8)

## (95)...... سُوۡرَةُ التِّيۡنِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان،نہایت رحم کرنے والا ہے۔

قسم ہے تینؔ، زیتونؔ (1) اور طورؔ سینا کی (2) اور اس امن والے شہر کی (3) ہم نے انسان کو بہترین ناپ تول کر بنایا (4) پھر ہم نے اُسے (اس کی بداعمالیوں کے سبب) گھٹیا ترین کر دیا (5) سوائے وہ لوگ جو ایمان لائے اور نیک عمل کئے۔اُن کے لئے ناختم ہونے والا اجر ہے۔(6) ایمان لانے کے بعد کا ہے کو جھٹلاتے ہو (7) کیا اللہ حاکموں کا حاکم نہیں ہے؟ (8)

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM



سورة العلق . ۹۶ مکی سورة ... کل آیات . ۱۹

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اِقۡرَاۡ بِاسۡمِ رَبِّکَ الَّذِىۡ خَلَقَ(۱)خَلَقَ الۡاِنۡسَانَ مِنۡ عَلَقٍ(۲)اِقۡرَاۡ وَرَبُّکَ الۡاَكۡرَمُ(۳)الَّذِىۡ عَلَّمَ
بِالۡقَلَمِ(۴)عَلَّمَ الۡاِنۡسَانَ مَا لَمۡ يَعۡلَمۡ(۵) كَلَّاۤ اِنَّ الۡاِنۡسَانَ لَيَطۡغٰٓى(۶)اَنۡ رَّاٰهُ اسۡتَغۡنٰى(۷)اِنَّ اِلٰى رَبِّکَ
الرُّجۡعٰى(۸)اَرَءَيۡتَ الَّذِىۡ يَنۡهٰى(۹)عَبۡدًا اِذَا صَلّٰى(۱۰)اَرَءَيۡتَ اِنۡ كَانَ عَلَى الۡهُدٰٓى(۱۱)اَوۡ اَمَرَ
بِالتَّقۡوٰى(۱۲)اَرَءَيۡتَ اِنۡ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى(۱۳)اَلَمۡ يَعۡلَمۡ بِاَنَّ اللّٰهَ يَرٰى(۱۴)كَلَّا لَئِنۡ لَّمۡ يَنۡتَهِ لَنَسۡفَعًۢا
بِالنَّاصِيَةِ(۱۵)نَاصِيَةٍ كَاذِبَةٍ خَاطِئَةٍ(۱۶)فَلۡيَدۡعُ نَادِيَهٗ(۱۷)سَنَدۡعُ الزَّبَانِيَةَ(۱۸)كَلَّا ط لَا تُطِعۡهُ
وَاسۡجُدۡ وَاقۡتَرِبۡ (آيت سجده)(۱۹)

سورة القدر . ۹۷ مکی سورة ... کل آیات . ۵

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اِنَّاۤ اَنۡزَلۡنٰهُ فِىۡ لَيۡلَةِ الۡقَدۡرِ(۱)وَمَاۤ اَدۡرٰکَ مَا لَيۡلَةُ الۡقَدۡرِ(۲)لَيۡلَةُ الۡقَدۡرِ خَيۡرٌ مِّنۡ اَلۡفِ شَهۡرٍ(۳)تَنَزَّلُ
الۡمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوۡحُ فِيۡهَا بِاِذۡنِ رَبِّهِمۡ مِّنۡ كُلِّ اَمۡرٍ(۴)سَلٰمٌ. هِىَ حَتّٰى مَطۡلَعِ الۡفَجۡرِ(۵)

سورة البينة . ۹۸ مدنی سورة ... کل آیات . ۸

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

لَمۡ يَكُنِ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا مِنۡ اَهۡلِ الۡكِتٰبِ وَالۡمُشۡرِكِيۡنَ مُنۡفَكِّيۡنَ حَتّٰى تَاۡتِيَهُمُ الۡبَيِّنَةُ(۱)رَسُوۡلٌ مِّنَ اللّٰهِ يَتۡلُوۡا
صُحُفًا مُّطَهَّرَةً(۲)فِيۡهَا كُتُبٌ قَيِّمَةٌ(۳)وَمَا تَفَرَّقَ الَّذِيۡنَ اُوۡتُوا الۡكِتٰبَ اِلَّا مِنۡ م بَعۡدِ مَا جَآءَتۡهُمُ
الۡبَيِّنَةُ(۴)وَمَاۤ اُمِرُوۡۤا اِلَّا لِيَعۡبُدُوا اللّٰهَ مُخۡلِصِيۡنَ لَهُ الدِّيۡنَ حُنَفَآءَ وَيُقِيۡمُوا الصَّلٰوةَ وَيُؤۡتُوا الزَّكٰوةَ وَذٰلِکَ
دِيۡنُ الۡقَيِّمَةِ(۵)



## (96)......سُوۡرَةُ الۡعَلَقَ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے۔

پڑھ اپنے رَب کے نام سے جس نے پیدا کیا (1) انسان کو جمے ہوئے خون (علق) سے پیدا کیا (2) پڑھ اور تیرا رَب عزت والا ہے (3) جس نے قلم کے ساتھ علم دیا (4) انسان کو وہ علم دیا جو وہ نہ جانتا تھا (5) نہیں، نہیں! انسان ضرور سرکش ہوتا ہے (6) جب وہ خود کو بے نیاز دیکھتا ہے (7) بے شک اُسے اپنے رَب کی طرف ہی لوٹنا ہے۔(8) کیا آپ نے اُسے دیکھا جو منع کرتا ہے (9) ایک بندے کو نماز پڑھنے سے۔(10) کیا آپ نے اُسے دیکھا اگر وہ ہدایت پر ہوتا (11) یا پرہیزگاری کا حکم دیتا (تو اچھا ہوتا)۔(12) کیا آپ نے دیکھا کہ وہ جھٹلاتا ہے اور منہ موڑتا ہے۔(13) کیا اس نے نہیں جانا کہ اللہ دیکھ رہا ہے۔(14) نہیں، نہیں! اگر وہ باز نہ آیا تو ہم اسے اس کی پیشانی کے بالوں سے گھسیٹیں گے۔(15) جھوٹی گنہگار پیشانی۔(16) پھر بلا لوا اپنے گروہ کو۔(17) ہم بھی اپنے پیادے بلاتے ہیں۔(18) نہیں، نہیں! اس کی بات نہ مان اور سجدہ کر اور قریب ہو۔(19)

## (97)......سُوۡرَةُ الۡقَدۡر

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے۔

بے شک ہم نے قرآن کو لیلۃ القدر میں اتارا۔(1) اور تم کیا جانو قدر والی رات کیا ہے (2) قدر والی رات ہزار مہینوں سے بہتر ہے (3) اس رات میں فرشتے اور روح القدس اپنے رَب کی اجازت سے تمام سلامتی کے امور کے لئے اترتے ہیں (4) اور صبح ہونے تک اترتے رہتے ہیں۔(5)

## (98)......سُوۡرَةُ الۡبَيِّنَة

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے۔

اہل کتاب اور مشرکوں میں سے کفر کرنے والے کب باز آنے والے تھے جب تک کہ اُن کے پاس روشن دلیلیں نہ آجاتیں (1) اللہ کی طرف سے پاکیزہ صحیفے پڑھتا ہوا رسول آ گیا (2) اس میں قائم رہنے والی تحریریں تھیں (3) (قرآن) اور روشن دلیل آ جانے کے بعد انہوں نے تفرقہ کیا (4) اور انہیں یہ حکم دیا گیا تھا کہ وہ خلوص کے ساتھ اللہ کی عبادت کریں۔ اُن کے لئے یک رُخ دین ہے۔ اور نماز قائم کریں اور زکوٰۃ ادا کریں اور یہی قائم رہنے والا دین ہے (5)

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM



اِنَّ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا مِنۡ اَهۡلِ الۡكِتٰبِ وَالۡمُشۡرِكِيۡنَ فِىۡ نَارِ جَهَنَّمَ خٰلِدِيۡنَ فِيۡهَا ط اُولٰٓـئِكَ هُمۡ شَرُّ
الۡبَرِيَّةِ(٦)اِنَّ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اُولٰٓـئِكَ هُمۡ خَيۡرُ الۡبَرِيَّةِ(٧)جَزَآؤُهُمۡ عِنۡدَ رَبِّهِمۡ جَنّٰتُ
عَدۡنٍ تَجۡرِىۡ مِنۡ تَحۡتِهَا الۡاَنۡهٰرُ خٰلِدِيۡنَ فِيۡهَاۤ اَبَدًا ط رَضِىَ اللّٰهُ عَنۡهُمۡ وَرَضُوۡا عَنۡهُ ط ذٰلِكَ لِمَنۡ
خَشِىَ رَبَّهٗ(٨)

## سورة الزلزال . ٩٩ مدنی سورة ... کل آیات ٨.

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اِذَا زُلۡزِلَتِ الۡاَرۡضُ زِلۡزَالَهَا(١)وَاَخۡرَجَتِ الۡاَرۡضُ اَثۡقَالَهَا(٢)وَقَالَ الۡاِنۡسَانُ مَا لَهَا(٣)يَوۡمَئِذٍ
تُحَدِّثُ اَخۡبَارَهَا(٤)بِاَنَّ رَبَّكَ اَوۡحٰى لَهَا(٥)يَوۡمَئِذٍ يَّصۡدُرُ النَّاسُ اَشۡتَاتًا لِّيُرَوۡا اَعۡمَالَهُمۡ(٦)فَمَنۡ
يَّعۡمَلۡ مِثۡقَالَ ذَرَّةٍ خَيۡرًا يَّرَهٗ(٧)وَمَنۡ يَّعۡمَلۡ مِثۡقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَهٗ(٨)

## سورة العدیت . ١٠٠ مکی سورة ... کل آیات ١١

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

وَالۡعٰدِيٰتِ ضَبۡحًا(١)فَالۡمُوۡرِيٰتِ قَدۡحًا(٢)فَالۡمُغِيۡرٰتِ صُبۡحًا(٣)فَاَثَرۡنَ بِهٖ نَقۡعًا(٤)فَوَسَطۡنَ بِهٖ
جَمۡعًا(٥)اِنَّ الۡاِنۡسَانَ لِرَبِّهٖ لَكَنُوۡدٌ(٦)وَاِنَّهٗ عَلٰى ذٰلِكَ لَشَهِيۡدٌ(٧)وَاِنَّهٗ لِحُبِّ الۡخَيۡرِ
لَشَدِيۡدٌ(٨)اَفَلَا يَعۡلَمُ اِذَا بُعۡثِرَ مَا فِى الۡقُبُوۡرِ(٩)وَحُصِّلَ مَا فِى الصُّدُوۡرِ(١٠)اِنَّ رَبَّهُمۡ بِهِمۡ يَوۡمَئِذٍ
لَّخَبِيۡرٌ(١١)

## سورة القارعة. ١٠١ (مکی سورة ... کل آیات. ١١)

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اَلۡقَارِعَةُ(١)مَا الۡقَارِعَةُ(٢)وَمَاۤ اَدۡرٰٮكَ مَا الۡقَارِعَةُ(٣)يَوۡمَ يَكُوۡنُ النَّاسُ كَالۡفَرَاشِ الۡمَبۡثُوۡثِ(٤)



بے شک اہل کتاب اور مشرکوں میں سے جنہوں نے کفر کیا۔ وہ جہنم کی آگ میں ہمیشہ رہیں گے۔ یہی لوگ ہیں جو زمین کی بدترین مخلوق ہیں۔ (6) جنہوں نے ایمان قبول کیا اور نیک عمل کئے تو یہی دنیا کی بہترین مخلوق ہیں۔ (7) اُن کی جزاء اُن کے رَب کے پاس ہمیشہ کے باغات ہیں، جن کے نیچے نہریں رواں ہیں جس میں وہ ہمیشہ رہیں گے۔ اللہ اُن پر راضی اور وہ اُس پر راضی، یہ اس لئے کہ وہ اپنے رَب سے ڈرتے تھے۔ (8)

## (99)......سُوۡرَةُ الزِّلۡزَال

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے۔

جب زمین اپنے زلزلے سے ہلا دی جائے (1) اور وہ اپنے سینے کے بوجھ اٹھا پھینکے (2) اور انسان کہے اسے کیا ہو گیا ہے (3) اس دن زمین اپنی خبریں بیان کرے گی۔ (4) کیونکہ ترے رَب نے اُسے ایسا کرنے کی وحی کی ہوگی۔ (5) اس دن لوگ اپنے اعمال دیکھنے (جائزہ لینے) کے لیے گروہ گروہ نکلیں گے۔ (6) جس نے ذرہ برابر نیکی کی ہوگی نظر آ جائے گی۔ (7) اور جس نے ذرہ برابر برائی کی ہوگی' نظر آ جائے گی۔ (8)

## (100)......سُوۡرَةُ الۡعٰدِيٰت

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے۔

قسم ہے ہانپتے ہوئے گھوڑوں کی (1) سموں سے چنگاریاں اڑاتے ہوئے (2) صبح صبح غارت گری کرتے ہوئے (3) پھر اِن سے گرد اڑاتے ہوئے (4) پھر مل کر درمیان میں گھس جانے والے گھوڑوں کی (5) بے شک انسان اپنے رَب کا بڑا ناشکرا ہے (6) اور بے شک وہ اس پر گواہ بھی ہے۔ (7) اور بے شک اس کے دل میں خیر (مال و دولت) کی شدید محبت ہے۔ (8) کیا وہ نہیں جانتا کہ جب قبروں سے اٹھایا جائے گا (9)۔ اور دلوں میں جو کچھ چھپا ہے سامنے آ جائے گا۔ (10) بے شک اُن کا رَب اُس دن کے بارے میں خوب جانتا ہے۔ (11)

## (101)......سُوۡرَةُ الۡقَارِعَة

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے۔

القارعہ 1) القارعہ کیا ہے؟ 2) اور تم کیا جانو القارعہ کیا ہے؟ 3) جس دن انسان پتنگوں کی طرح بکھرے پڑے ہوں گے 4)

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM



وَتَكُوْنُ الْجِبَالُ كَالْعِهْنِ الْمَنْفُوْشِ(۵)فَاَمَّا مَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ(۶)فَهُوَ فِىْ عِيْشَةٍ رَّاضِيَةٍ(۷)وَاَمَّا
مَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ(۸)فَاُمُّهٗ هَاوِيَةٌ(۹)وَمَآ اَدْرٰكَ مَا هِيَهْ(۱۰)نَارٌ حَامِيَةٌ(۱۱)

## سورة التكاثر . ۱۰۲ مکی سورة ... کل آیات. ۸

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْهٰكُمُ التَّكَاثُرُ(۱)حَتّٰى زُرْتُمُ الْمَقَابِرَ(۲)كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ(۳)ثُمَّ كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ
(۴)كَلَّا لَوْ تَعْلَمُوْنَ عِلْمَ الْيَقِيْنِ(۵)لَتَرَوُنَّ الْجَحِيْمَ(۶)ثُمَّ لَتَرَوُنَّهَا عَيْنَ الْيَقِيْنِ(۷)ثُمَّ
لَتُسْئَلُنَّ يَوْمَئِذٍ عَنِ النَّعِيْمِ(۸)

## سورة العصر . ۱۰۳ مکی سورة ... کل آیات. ۳

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَالْعَصْرِ(۱)اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِىْ خُسْرٍ(۲)اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَتَوَاصَوْا بِالْحَقِّ
وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ(۳)

## سورة الهمزة . ۱۰۴ مکی سورة ... کل آیات. ۹

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَيْلٌ لِّكُلِّ هُمَزَةٍ لُّمَزَةِ نِ(۱)الَّذِىْ جَمَعَ مَالًا وَّعَدَّدَهٗ(۲)يَحْسَبُ اَنَّ مَالَهٗٓ اَخْلَدَهٗ(۳)كَلَّا
لَيُنْبَذَنَّ فِى الْحُطَمَةِ(۴)وَمَآ اَدْرٰكَ مَا الْحُطَمَةُ(۵)نَارُ اللّٰهِ الْمُوْقَدَةُ(۶)الَّتِىْ تَطَّلِعُ عَلَى
الْاَفْئِدَةِ(۷)اِنَّهَا عَلَيْهِمْ مُّؤْصَدَةٌ(۸)فِىْ عَمَدٍ مُّمَدَّدَةٍ(۹)



اور پہاڑ دُھنکی ہوئی رنگین اون کی طرح ہوں گے (5) جس کے اعمال بھاری ہوئے (6) وہ عیش میں خوش ہوگا۔ (7) اور جس کے اعمال کا وزن ہلکا ہوا۔ (8) اُس کا ٹھکانا جہنم (ھاویہ) ہوگا۔ (9) اور تم کیا جانو ھاویہ کیا ہے (10) دھکتی ہوئی آگ ہے۔ (11)

## (102)......سُوْرَةُ اَلتَّکَاثُرُ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے۔

کثرت کی خواہش نے تمہیں بھلائے رکھا (1) حتیٰ کہ تم نے قبریں جا دیکھیں (2) نہیں (مرنے کے بعد زندگی ختم نہیں ہوگی۔ ہرگز ایسا نہیں) عنقریب تمہیں پتہ چل جائے گا (3) ہرگز نہیں! قطعاً نہیں! عنقریب تم جان لوگے (4) ہرگز نہیں! کاش تم یقین کے علم سے جان لیتے (5) تم ضرور جہنم دیکھوگے (6) پھر تم اُسے یقین کی آنکھ سے دیکھ لوگے (7) پھر اس دن ضرور تم سے نعمتوں کے بارے میں پوچھا جائے گا۔ (8)

## (103)......سُوْرَةُ اَلْعَصْر

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے۔

قسم ہے زمانے کی (وقت کی) (1) انسان خسارے میں ہے (2) سوائے وہ لوگ جو ایمان لائے اور نیک اعمال کئے اور حق پر رہے اور صبر پر قائم رہنے کی وصیت (تلقین) کرتے رہے۔ (3)

## (104)......سُوْرَةُ اَلْھُمَزَة

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے۔

تمام عیب جُو اور طعنہ مارنے والوں کے لئے خرابی ہے (جو غریبوں کو غربت کا طعنہ دیتے ہیں) (1) مال جمع کرنے والا اور اُسے گن گن کر رکھنے والا (2) سمجھتا ہے کہ اُس کا مال ہمیشہ اُس کے پاس رہے گا۔ (3) نہ نہ۔ ضرور حطمہ میں پھینکا جائے گا (4) اور تم کیا جانو حطمہ کیا ہے؟ (5) اللہ کی جلائی ہوئی آگ (6) جس کی لپٹ دلوں کو چھوتی ہے (7) بیشک وہ اُن کے اندر ہر طرف سے بند کی ہوئی ہے (8) قد آور ستونوں میں۔ (9)

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM



## سورة الفیل . ۱۰۵ مکی سورة ... کل آیات .۵

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اَلَمۡ تَـرَ كَيۡفَ فَـعَلَ رَبُّكَ بِـاَصۡـحٰبِ الۡفِيۡلِ(۱)اَلَمۡ يَجۡعَلۡ كَيۡدَهُمۡ فِىۡ تَضۡلِيۡلٍ(۲)وَّاَرۡسَلَ
عَلَيۡهِمۡ طَيۡرًا اَبَابِيۡلَ(۳)تَرۡمِيۡهِمۡ بِحِجَارَةٍ مِّنۡ سِجِّيۡلٍ(۴)فَجَعَلَهُمۡ كَعَصۡفٍ مَّاۡكُوۡلٍ(۵)

## سورة قریش . ۱۰۶ مکی سورة ... کل آیات ۴

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

لِاِيۡلٰفِ قُرَيۡشٍ(۱)اٖلٰفِهِمۡ رِحۡلَةَ الشِّتَآءِ وَالصَّيۡفِ(۲)فَلۡيَعۡبُدُوۡا رَبَّ هٰذَا الۡبَيۡتِ(۳)الَّذِىۡۤ
اَطۡعَمَهُمۡ مِّنۡ جُوۡعٍ وَّاٰمَنَهُمۡ مِّنۡ خَوۡفٍ(۴)

## سورة الماعون . ۱۰۷ مکی سورة ... کل آیات .۷

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اَرَءَيۡتَ الَّذِىۡ يُكَذِّبُ بِالدِّيۡنِ(۱)فَذٰلِكَ الَّذِىۡ يَدُعُّ الۡيَتِيۡمَ(۲)وَلَا يَحُضُّ عَلٰى طَعَامِ
الۡمِسۡكِيۡنِ(۳)فَوَيۡلٌ لِّلۡمُصَلِّيۡنَ(۴)الَّذِيۡنَ هُمۡ عَنۡ صَلَاتِهِمۡ سَاهُوۡنَ(۵)الَّذِيۡنَ هُمۡ يُرَآءُوۡنَ
(۶)وَيَمۡنَعُوۡنَ الۡمَاعُوۡنَ(۷)

## سورة الکوثر .۱۰۸ (مکی سورة ... کل آیات .۳

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اِنَّاۤ اَعۡطَيۡنٰكَ الۡكَوۡثَرَ(۱)فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانۡحَرۡ(۲)اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الۡاَبۡتَرُ(۳)



## (105)......سُوۡرَةُ الۡفِيۡل

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان،نہایت رحم کرنے والا ہے۔

آپ نے دیکھا؟ آپ کے رَب نے ہاتھی والوں کے ساتھ کیا کیا۔(1) کیا اُن کا منصوبہ خاک میں نہیں ملا دیا؟(2) اُن پر ابابیل پرندے بھیجے(3) جو چھوٹے چھوٹے کنکر(ایٹم) پھینکتے تھے(4) جس نے انہیں لید بنا دیا۔(کھا کر نکالا ہوا بھوسہ کر دیا/ ناکارہ کر دیا۔)(5)

## (106)......سُوۡرَةُ قُرَيۡش

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان،نہایت رحم کرنے والا ہے۔

قریش کو جفاکش رکھنے کی خاطر(1) انہیں گرمی سردی سے مانوس رکھا(موسموں کی شدت برداشت کرنے کی ہمت پیدا کی۔انہیں جفاکش بنایا)۔(2) انہیں چاہیے کہ وہ اس گھر کے رَب کی عبادت کریں۔(3) جس نے بھوک میں کھانا دیا اور خوف میں امن دیا۔(4)

## (107)......سُوۡرَةُ الۡمَاعُوۡن

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان،نہایت رحم کرنے والا ہے۔

آپ نے کسی روز جزا کے جھٹلانے والے کو دیکھا ہوگا۔(1) یہ وہی شخص ہے جو یتیم کو دھتکارتا ہے۔(2) اور(بھوکے نادار کو خود کھانا کھلا کر) دوسروں کو کھانا کھلانے کی ترغیب نہیں دیتا(3) ایسا کرنے والے نمازیوں کے لئے خرابی ہے(4) جو اپنی نمازوں کے درس کو بھلائے ہوئے ہیں(5) جو محض دکھاوے کی نمازیں پڑھ رہے ہیں(6) اور مانگنے پر معمولی ادھار بھی نہیں دیتے۔(7)

## (108)......سُوۡرَةُ الۡكَوۡثَر

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان،نہایت رحم کرنے والا ہے۔

بلاشک ہم نے آپ کو بہت دیا۔(1) آپ اپنے رَب کا شکر کریں اور قربانی کریں(2) یقیناً آپ کا دشمن پھلے پھولے گا نہیں۔(3)

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM



## سورة الكفرون . ۱۰۹ مكى سورة ... كل آيات ۶

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

قُلۡ يٰۤاَيُّهَا الۡكٰفِرُوۡنَ(۱)لَاۤ اَعۡبُدُ مَا تَعۡبُدُوۡنَ(۲)وَلَاۤ اَنۡتُمۡ عٰبِدُوۡنَ مَاۤ اَعۡبُدُ(۳)وَلَاۤ اَنَا عَابِدٌ مَّا
عَبَدۡتُّمۡ(۴)وَلَاۤ اَنۡتُمۡ عٰبِدُوۡنَ مَاۤ اَعۡبُدُ(۵)لَكُمۡ دِيۡنُكُمۡ وَلِىَ دِيۡنِ(۶)

## سورة النصر . ۱۱۰ مدنى سورة ... كل آيات ۳

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اِذَا جَآءَ نَصۡرُ اللّٰهِ وَالۡفَتۡحُ(۱)وَرَاَيۡتَ النَّاسَ يَدۡخُلُوۡنَ فِىۡ دِيۡنِ اللّٰهِ اَفۡوَاجًا(۲)فَسَبِّحۡ بِحَمۡدِ
رَبِّكَ وَاسۡتَغۡفِرۡهُ ط اِنَّهٗ كَانَ تَوَّابًا(۳)

## سورة اللهب . ۱۱۱ مكى سورة ... كل آيات ۵

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

تَبَّتۡ يَدَاۤ اَبِىۡ لَهَبٍ وَّتَبَّ(۱)مَاۤ اَغۡنٰى عَنۡهُ مَالُهٗ وَمَا كَسَبَ(۲)سَيَصۡلٰى نَارًا ذَاتَ
لَهَبٍ(۳)وَّامۡرَاَتُهٗ ط حَمَّالَةَ الۡحَطَبِ(۴)فِىۡ جِيۡدِهَا حَبۡلٌ مِّنۡ مَّسَدٍ(۵)

## سورة الاخلاص . ۱۱۲ مكى سورة ... كل آيات ۴

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

قُلۡ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ(۱)اَللّٰهُ الصَّمَدُ(۲)لَمۡ يَلِدۡ وَلَمۡ يُوۡلَدۡ(۳)وَلَمۡ يَكُنۡ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ(۴)



## (109)......سُوۡرَةُ الۡكٰفِرُوۡن

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان،نہایت رحم کرنے والا ہے۔

کہو،اے کافرو(1) میں اُس کی عبادت نہیں کرتا جس کی تم عبادت کرتے ہو(2) اور نہ تم اُس کی عبادت کرنے والے ہو جس کی میں عبادت کرتا ہوں(3) اور نہ میں اُس کی عبادت کروں گا جس کی تم عبادت کرتے ہو۔(4) اور نہ تم اُس کی عبادت کرو گے جس کی میں عبادت کرتا ہوں(5) تمہارے لئے تمہارا دین اور میرے لئے میرا دین۔(6)

## (110)......سُوۡرَةُ النَّصۡر

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان،نہایت رحم کرنے والا ہے۔

جب اللہ کی مدد آ پہنچے اور فتح ہو جائے(1) تو آپ لوگوں کو جوق در جوق اللہ کے دین میں داخل ہوتے ہوئے دیکھیں گے۔(2) آپ اپنے رَب کی حمد (تعریف) جاری رکھیں اور اُس سے استغفار کرتے رہیں۔ بے شک وہ بڑا توبہ قبول کرنے والا ہے(3)

## (111)......سُوۡرَةُ تَبَّت

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان،نہایت رحم کرنے والا ہے۔

ٹوٹ گئے ابولہب کے ہاتھ اور وہ تباہ ہوا(1) اُس کا مال اور اُس کی کمائی بے کار گئی(2) عنقریب لہب آگ میں جائے گا۔(3) اور اُس کی بیوی آگ کا ایندھن اٹھائے ہوئے ہے۔(4) اُس کے گلے میں ایندھن باندھ کر اٹھانے کے لئے مونجھ کی رسی ہے۔(5)

## (112)......سُوۡرَةُ الۡاِخۡلَاص

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان،نہایت رحم کرنے والا ہے۔

کہو وہ اللہ ایک ہے(1) اللہ بے نیاز ہے(قائم ودائم رہنے والا)(2) نہ وہ کسی کا باپ، نہ وہ کسی کا بیٹا ہے(3) اور کوئی اُس کا ہمسر،ہم پلہ نہیں(4)

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM



## سورة الفلق . ۱۱۳

### مدنی سورة ... کل آیات.۵

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ الۡفَلَقِ(۱)مِنۡ شَرِّ مَا خَلَقَ(۲)وَمِنۡ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ(۳)وَمِنۡ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ
فِى الۡعُقَدِ(۴)وَمِنۡ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ(۵)

## سورة الناس . ۱۱۴ سورة ... کل آیات.۶

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ النَّاسِ(۱)مَلِكِ النَّاسِ(۲)اِلٰهِ النَّاسِ(۳)مِنۡ شَرِّ الۡوَسۡوَاسِ
الۡخَنَّاسِ(۴)الَّذِىۡ يُوَسۡوِسُ فِىۡ صُدُوۡرِ النَّاسِ(۵)مِنَ الۡجِنَّةِ وَالنَّاسِ(۶)



## (113)......سُوۡرَةُ اَلۡفَلَق

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان،نہایت رحم کرنے والا ہے۔

کہو!اے پھوٹتی صبح کے رَب!(1) دنیا میں پائی جانے والی ہر برائی سے بچا۔(2) اوراس برائی سے جو(طاغوت کی طرح پھیل جائے)روشن دن کو تاریک رات میں بدل دے(کرپشن وغیرہ)(3) اوراس برائی سے جو عقد،گرہ،بندھن، معاہدہ کی پاسداری سے منحرف کرنے کی غرض سے کرنے والے یا والیاں خفیہ ہتھکنڈوں کے ذریعے کریں۔(4) اوراس برائی سے جو حاسد حسد کی وجہ سے کرتا ہے‘جب وہ حسد کرنا شروع کر دیتا ہے۔(5)

## (114)......سُوۡرَةُ النَّاس

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان،نہایت رحم کرنے والا ہے۔

کہو،میں لوگوں کے رَب کی پناہ چاہتا ہوں(1) لوگوں کے بادشاہ کی(2) لوگوں کے معبود کی(3) وسوسہ ڈالنے والے کے شر سے جو وسوسہ ڈال کر پیچھے ہٹ جاتا ہے۔(4) جو لوگوں کے دلوں میں وسوسے ڈالتا ہے۔(5) چاہے وہ جنات میں سے ہو یا انسانوں میں سے(6)

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

### دُعَـــــائِـــــے مَـــــا ثُـــــوۡرَهُ

اَللّٰهُمَّ اٰنِسۡ وَحۡشَتِىۡ فِىۡ قَبۡرِىۡ ہ اَللّٰهُمَّ ارۡحَمۡنِىۡ بِالۡقُرۡاٰنِ الۡعَظِيۡمِ وَاجۡعَلۡهُ لِىۡٓ اِمَامًا وَّنُوۡرًا وَّهُدًى وَّرَحۡمَةً ہ اَللّٰهُمَّ ذَكِّرۡنِىۡ مِنۡهُ مَا نَسِيۡتُ وَعَلِّمۡنِىۡ مِنۡهُ مَا جَهِلۡتُ وَارۡزُقۡنِىۡ تِلَاوَتَهٗ اٰنَآءَ الَّيۡلِ وَاٰنَآءَ النَّهَارِ وَاجۡعَلۡهُ لِىۡ حُجَّةً يَّارَبَّ الۡعٰلَمِيۡنَ ہ☆☆